★★★ اب ہر نئی صبح کا سورج طلوع ہوگا نوید پاکستان کے ساتھ ★★★

راولپنڈی، اسلام آباد، ملتان، کراچی، فیصل آباد، جہلم، گجرات، اوکاڑہ، بہاولنگر، چشتیاں، ہارون آباد اور قصور میں سرکولیشن جاری ہے

ABC CERTIFIED

DAILY NAVEED E PAKISTAN LAHORE

چیف ایڈیٹر، رانا خلیل ضمیر

روزنامہ

نویدِ پاکستان

لاہور

بہاولنگر

سب ایڈیٹر: مظہر حیات | ایڈیٹر: اکبر علی بھٹی | مینجنگ ایڈیٹر، چوہدری وقاص علی

جلد نمبر 31 | جمعہ، 05 جون 19، 2026 ذوالحجہ 1447ھ | صفحات 4، قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 03

گلگت بلتستان سی پیک کا مرکز، خطے اور قومی ترقی کیلئے ضروری ہے، نواز شریف

یہاں ووٹ مانگنے نہیں مسائل کے حل کیلئے آیا ہوں، نئے شروع ہونیوالے منصوبوں کی نگرانی خود کروں گا، وفاقی حکومت کے سولر منصوبے نے علاقے میں توانائی بحران کم کرنے میں کردار ادا کیا

گلگت (لارڈ میڈیا) مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان سی پیک کا مرکز ہے، خطے کی ترقی قومی ترقی کیلئے بھی ضروری ہے، یہاں ووٹ مانگنے نہیں مسائل کے حل کیلئے آیا ہوں، نئے شروع ہونیوالے منصوبوں کی نگرانی میں خود کروں گا، وفاقی حکومت کے سولر منصوبے نے علاقے میں توانائی بحران کم کرنے میں کردار ادا کیا ہے، وزیراعظم سے خنجراب پاس تک سڑکوں کے ٹینڈر ورک کی بہتری کے حوالے سے بات کروں گا، ووٹ ملے نہ ملے گلگت بلتستان میں سہولیات فراہم کروں گا۔ ذرائع کے مطابق منگل کو گلگت میں عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے لیگی قائد نواز شریف نے کہا کہ جلسے میں گلگت بلتستان کی عوام کو دیکھ کر خوشی ہوئی، مجھے گلگت بلتستان سے دلی محبت ہے، جب وزیر اعظم تھا تو کئی (بقیہ نمبر 37)

شوکت علی یوسفزئی پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کے سیکرٹری اطلاعات مقرر

پشاور (این این آئی) سابق صوبائی وزیر شوکت علی یوسفزئی کو پاکستان تحریک انصاف (بقیہ نمبر 6)

بیرسٹر گوہر کا بلا روک ٹوک انتخابی مہم کی اجازت دینے کا مطالبہ

اسکردو (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے گلگت بلتستان الیکشن میں (بقیہ نمبر 5)

محمود خان اچکزئی کیخلاف حکومت و ریاستی اداروں کیخلاف تقریر پر مقدمہ درج



کوئٹہ (این این آئی) قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف اور پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین (بقیہ نمبر 4)

سپریم کورٹ، ایمان مزاری سزا معطلی کیس میں حکم نامہ واپس لینے کی درخواست



اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں ایمان مزاری اور ہادی چٹھہ کی سزا معطلی کے کیس میں (بقیہ نمبر 3)

ہمیں پتہ ہے یہ ڈرے ہوئے ہیں، ہمارا فوکس بانی پی ٹی آئی کی رہائی ہے، علیمہ خان

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی کی ہمشیرہ علیمہ خان نے کہا کہ حکمراں اتنے خوفزدہ ہیں (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف سیکٹرل اصلاحات پر پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

پاکستانی جوجٹسو اور ایم ایم اے کھلاڑیوں کی بین الاقوامی کامیابیوں پر حوصلہ افزائی

ایشین ایم ایم اے چیمپئن شپ میں سلور میڈل اور 2026ء ایشین گیمز کے لیے کوالیفکیشن، حکومت کی مکمل سپورٹ کی یقین دہانی

لاہور (این این آئی) چیئرمین پرائم منسٹر یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان نے کھیلوں کے فروغ اور نوجوان ٹیلنٹ کی حوصلہ افزائی کے سلسلے میں اہم ملاقاتیں کیں، جن میں پاکستان کے جوجٹسو اور مکس مارشل آرٹس کھلاڑیوں کی بین الاقوامی کامیابیوں کو

سپریم کورٹ میں اے پی ایس شہداء لواحقین کو پیکیج نہ ملنے پر وفاقی حکومت سے جواب طلب

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے اے پی ایس شہداء لواحقین کو (بقیہ نمبر 8)

کیوں مجھے ملک سے نکالا گیا؟ قصور آپ کا بھی ہے، نواز شریف کا عوام سے شکوہ

چاہتا ہوں کہ گلگت بلتستان میں سیاحت کو فروغ دیا جائے، اس سے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف ایک روزہ دورے پر گلگت بلتستان پہنچ گئے جہاں عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان میں شروع ہونے والے نئے منصوبوں کی خود نگرانی کروں گا۔ انہوں نے کہا کہ چاہتا ہوں کہ گلگت بلتستان میں سیاحت کو فروغ دیا جائے، اس سے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے، گلگت سی پیک کا مرکز ہے، پوچھنا چاہتا ہوں کہ (بقیہ نمبر 9)

معاشی ترقی کیلئے برآمدی صنعت و حرفت کا فروغ اور سرمایہ کاری ناگزیر ہے، شہباز شریف

صنعتی مصنوعات کی ملکی پیداوار اضافے کے ساتھ ساتھ برآمدات بڑھانے کے لیے موثر پالیسی اقدامات حکومتی ترجیحات کا حصہ ہیں، صنعت و تجارت اور معیشت کے مختلف شعبہ جات میں اصلاحات کا مقصد طویل المدتی معاشی افادیت اور عوامی فلاح ہونا چاہیے

توانائی کی بچت اور سستی ٹرانسپورٹ کی ملکی ضروریات پوری کرنے کے لئے جامع اور موثر الیکٹرک وہیکلز پالیسی وقت کی اہم ضرورت ہے

اسلام آباد (بیورو چیف) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت سرمایہ کاری میں اضافہ اور معیشت کی مجموعی ترقی کے لیئے شعبہ جاتی اصلاحات اور پالیسی اقدامات پر جائزہ اجلاس ہوا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ ملکی معیشت کی پائیدار ترقی کے لئے صنعت و حرفت کا فروغ اور بیرونی سرمایہ کاری میں اضافہ ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ صنعتی مصنوعات کی ملکی پیداوار اضافے کے ساتھ ساتھ برآمدات بڑھانے کے لیے موثر پالیسی اقدامات حکومتی ترجیحات کا حصہ ہیں، صنعت و تجارت اور معیشت کے (بقیہ نمبر 38)

مالی تنگی بھی باپ کی اپنے نابالغ بچے کے نان نفقہ کی ذمہ داری ختم نہیں کر سکتی، لاہور ہائیکورٹ

باپ پر اپنے نابالغ بچے کا نان نفقہ مستقل جاری رہنے والا الٰہی فریضہ ہے، قرآن وسنت کے احکامات کے تحت وہ اس ذمہ داری سے بری الذمہ نہیں ہو سکتا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے قرار دیا ہے کہ مالی تنگی بھی باپ کی اپنے نابالغ بچے کے نان نفقہ کی ذمہ داری ختم نہیں کر سکتی، باپ پر اپنے نابالغ بچے کا نان نفقہ مستقل جاری رہنے والا الٰہی فریضہ ہے اور قرآن وسنت کے احکامات کے تحت وہ اس ذمہ داری سے بری الذمہ نہیں ہو سکتا۔ جسٹس محسن اختر کیانی نے 15 صفحات پر مشتمل تفصیلی تحریری فیصلہ جاری کیا۔ لاہور ہائی کورٹ نے اپنے فیصلے میں کہا کہ عدالت کے مطابق (بقیہ نمبر 14)

لاہور: صوبائی وزرائے صحت خواجہ سلمان رفیق اور خواجہ عمران نذیر محکمہ صحت و آبادی میں انسداد ڈینگی کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

پنجاب بھر میں کھلی فضاء میں ڈرون اڑانے پر دفعہ 144 کے تحت پابندی میں 30 روز کی توسیع

ہالز اور مارکیز کے اندر تقریبات کے دوران چھوٹے ڈرون کے محدود استعمال کی اجازت

لاہور (این این آئی) حکومت پنجاب نے صوبہ بھر میں کھلی فضاء میں ڈرون اڑانے پر دفعہ 144 کے تحت عائد پابندی میں 30 روز کی توسیع کر دی۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق صوبہ بھر میں آؤٹ ڈور ڈرون اڑانے پر مکمل پابندی برقرار ہے۔ حکومت پنجاب نے سکیورٹی خدشات کے پیش نظر ڈرون کے استعمال پر پابندی عائد کی۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب نے واضح کیا کہ (بقیہ نمبر 10)

اسلام آباد: سابق وزیراعظم اور چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی اسلام آباد میں ایک ظہرانے کے دوران ایسٹونیا کی سابق وزیراعظم اور یورپی یونین کی اعلیٰ نمائندہ کا جا کالاس سے مصافحہ کر رہے ہیں۔

سید یوسف رضا گیلانی کی ایسٹونیا کی پہلی خاتون وزیراعظم اور یورپی یونین کی اعلیٰ نمائندہ کا جا کالاس سے غیر رسمی ملاقات

دونوں فریقوں کے درمیان اعلیٰ سطح کے روابط مستقبل میں دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیراعظم پاکستان اور چیئرمین سینیٹ، سید یوسف رضا گیلانی نے یورپی یونین کی خارجہ امور اور سلامتی پالیسی کی اعلیٰ نمائندہ اور یورپی کمیشن کی نائب صدر، محترمہ کا جا کالاس سے غیر رسمی ملاقات کی۔ یہ ملاقات نائب وزیرِ اعظم و وزیرِ خارجہ سینیٹر (بقیہ نمبر 12)

لاہور: صوبائی وزرائے صحت خواجہ سلمان رفیق اور خواجہ عمران نذیر محکمہ صحت و آبادی میں انسداد ڈینگی کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

بلدیاتی انتخابات، لاہور میں حلقہ بندیوں کی ابتدائی فہرست جاری، 433 یونین کونسلز تشکیل

لاہور (این این آئی) بلدیاتی الیکشن کے لیے لاہور میں حلقہ بندیوں کی ابتدائی فہرست جاری کر دی گئی ۔ لاہور میں مجموعی طور (بقیہ نمبر 11)

عطاء المصطفیٰ جمیل کی متحرک سیاسی سرگرمیاں، پنڈی گھیب میں پیپلز پارٹی دوبارہ فعال ہونے لگی

شہر کے مختلف وارڈز میں نئی شمولیتوں کا سلسلہ جاری، بلدیاتی سیاست میں پیپلز پارٹی کی پوزیشن مستحکم ہونے کے امکانات روشن

پنڈی گھیب (ملک کاشف) معروف سیاسی و سماجی شخصیت عطاء المصطفیٰ جمیل کی متحرک سیاسی سرگرمیوں کے باعث پنڈی گھیب شہر میں پیپلز پارٹی ایک بار پھر فعال اور منظم ہوتی دکھائی دے رہی ہے۔ شہر کے مختلف وارڈز میں روزانہ کی بنیاد پر نئے افراد کی پارٹی میں شمولیت کا سلسلہ جاری ہے جس کے باعث سیاسی حلقوں میں ہلچل پیدا ہو گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق عطاء المصطفیٰ جمیل کی قیادت میں پنڈی گھیب شہر میں پیپلز پارٹی کی تنظیم سازی کا عمل تیزی سے جاری ہے اور مختلف برادریوں، نوجوانوں اور سماجی شخصیات کی جانب سے پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کی جا رہی ہے۔ جب کہ اس پیش رفت کے نتیجے میں شہر کی سیاسی صورتحال میں نمایاں تبدیلی رونما ہو سکتی ہے دوسری طرف دیگر سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں کی نیندیں اڑنے لگی ہیں شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ اگر یہی رفتار برقرار رہی تو آئندہ بلدیاتی انتخابات میں پیپلز پارٹی پنڈی گھیب شہر میں ایک مضبوط سیاسی قوت کے طور پر سامنے آسکتی ہے۔ عوامی و سیاسی حلقوں میں یہ تاثر بھی پایا جاتا ہے کہ عطاء المصطفیٰ جمیل بلدیاتی سیاست میں ایک اہم امیدوار کے طور پر ابھر رہے ہیں اور چیئرمین بلدیہ کے لیے ان کے امکانات روشن دکھائی دیتے ہیں شہر بھر میں ہونے والی سیاسی سرگرمیوں اور مختلف علاقوں میں منعقد ہونے والے عوامی رابطہ پروگراموں کے باعث کارکنوں اور حامیوں میں خاصا جوش و خروش پایا جا رہا ہے۔ متعدد افراد نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ وہ علاقے کی ترقی، عوامی مسائل کے حل اور بہتر بلدیاتی نظام کے لیے پیپلز پارٹی کے پلیٹ فارم سے اپنا کردار ادا کریں گے۔ جبکہ آنے والے دنوں میں پنڈی گھیب کی مقامی سیاست مزید دلچسپ ہونے کا امکان ہے اور مختلف جماعتوں کے درمیان عوامی حمایت حاصل کرنے کے لیے سیاسی سرگرمیوں میں مزید تیزی آسکتی ہے۔

دو تاجروں کے قاتل کب گرفتار ہوں گے؟ گوجر خان کے شہری تا انصاف کے منتظر

تحصیل گوجر خان میں بھرے بازار کے اندر دو تاجروں کے بہیمانہ قتل کے واقعے نے تاجری برادری اور شہریوں میں شدید خوف و تشویش کی لہر دوڑا دی

راولپنڈی (کرائم رپورٹر نصیر وڑائچ) تحصیل گوجر خان میں بھرے بازار کے اندر دو تاجروں کے بہیمانہ قتل کے واقعے نے تاجری برادری اور شہریوں میں شدید خوف و تشویش کی لہر دوڑا دی ہے۔ واقعے کے کئی روز گزر جانے کے باوجود ملزمان کی گرفتاری عمل میں نہ آنے پر متاثرہ خاندانوں اور تاجروں میں بے چینی بڑھتی جا رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق نامعلوم ملزمان نے بازار میں فائرنگ کر کے دو تاجروں کو موت کے گھاٹ اتار دیا اور موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ واقعے کے بعد پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے تحقیقات شروع کرنے اور ملزمان کو جلد گرفتار کرنے کی یقین دہانی کرائی تھی، تاہم تاجروں کا کہنا ہے کہ تاحال کوئی واضح پیش رفت سامنے نہیں آسکی۔ تاجر برادری نے واقعے کے خلاف مسلسل احتجاج جاری رکھتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ قتل میں ملوث عناصر کو فوری طور پر گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ تاجروں کے مطابق وہ گزشتہ تین روز سے سراپا احتجاج ہیں مگر ابھی تک انہیں انصاف کی فراہمی کے حوالے سے کوئی تسلی بخش جواب نہیں ملا۔ شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ گنجان بازار میں دن دہاڑے پیش آنے والا یہ واقعہ امن و امان کی صورتحال پر بھی سوالیہ نشان ہے۔ عوام کا موقف ہے کہ ایسے سنگین واقعات کی روک تھام اور ملزمان کی فوری گرفتاری قانون نافذ کرنے والے اداروں کی ذمہ داری ہے۔ دوسری جانب سیاسی و سماجی حلقوں میں بھی یہ سوال اٹھایا جا رہا ہے کہ اتنے بڑے سانحے کے باوجود کئی اہم شخصیات کی خاموشی باعث تشویش ہے۔ شہریوں اور تاجروں نے مطالبہ کیا ہے کہ حکومت اور متعلقہ ادارے واقعے کا فوری نوٹس لیں، شفاف تحقیقات کو یقینی بنائیں اور متاثرہ خاندانوں کو انصاف فراہم کریں۔ تاجر تنظیموں نے خبردار کیا ہے کہ اگر ملزمان کو جلد گرفتار نہ کیا گیا تو احتجاج کا دائرہ مزید وسیع کیا جا سکتا ہے۔ اس تمام صورتحال میں عوامی نظریں پولیس اور تحقیقاتی اداروں کی آئندہ کارروائیوں پر مرکوز ہیں۔ ”دو تاجروں کے قاتل کب گرفتار ہوں گے؟ گوجر خان کے شہری اور تاجر انصاف کے منتظر“

اوور لوڈنگ اور اوور چارجنگ پر راولپنڈی ٹریفک پولیس کی سخت کارروائیاں

گزشتہ ماہ 191,1 اوور لوڈ اور 463 اوور چارجنگ کیسز، متعدد ڈرائیورز کے خلاف قانونی کارروائی

راولپنڈی (رپورٹر پنڈی ٹو ڈے) سی پی او راولپنڈی سید خالد محمود ہمدانی کے خصوصی احکامات اور چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم کی ہدایات پر راولپنڈی ٹریفک پولیس کی گزشتہ ماہ مسافروں کی اوور لوڈنگ اور اوور چارجنگ کرنیوالوں کیخلاف بھرپور کارروائی کی گئی۔ گزشتہ ماہ گاڑیوں میں زائد مسافر بٹھانے پر 1 ہزار 1 سو 91، زائد کرایہ وصول کرنے پر 4 سو 63 گاڑیوں و ڈرائیورز کیخلاف کارروائی گئی۔ غفلت و لاپرواہی سے ڈرائیونگ کرنے پر 4 ڈرائیونگ لائسنس معطل اور 1 ایف آئی آر درج کرنے کیساتھ 23 کو تھانہ بھی بند کروایا گیا۔ اس موقع پر چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم کا کہنا تھا کہ گزشتہ ماہ عیدالاضحی کے حوالے سے مسافروں کی جان و مال کے تحفظ کے پیش نظر اوور چارجنگ اور اوور لوڈنگ کرنیوالوں کیخلاف زیادہ کارروائی عمل میں لائی گئی اور کارروائی سے قبل اڈہ و گاڑی مالکان سمیت ڈرائیورز حضرات کو روڈ سیفٹی و ٹریفک قوانین کے حوالے سے آگاہی فراہم کرنے کیساتھ پیشگی وارننگ بھی جاری کی گئیں۔ انکا مزید کہنا تھا کہ پبلک سروس ڈرائیورز کے اوپر مسافروں کے جان و مال کی بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے، ڈرائیورز اپنے عارضی فائدہ کیلئے مسافروں کی زندگیوں کو داؤ پر لگاتے ہیں جن کیساتھ کسی قسم کی نرمی نہیں برتی جائے گی۔

کیری وین اور شاہزور میں تصادم

کیری وین ڈرائیور جانبحق ۔ جبکہ اہل خانہ شدید زخمی ہسپتال منتقل

پنڈ بکھیب (ملک کاشف) کیری وین اور شاہزور میں تصادم۔ کیری وین ڈرائیور جانبحق ۔ جبکہ اہل خانہ شدید زخمی ہسپتال منتقل۔۔ واقعات کے مطابق یونین کونسل کھڑپہ کا رہائشی محمد رمضان حال مقیم پنڈی گھیب گزشتہ روز اپنی اہلیہ اور پوتی کے ہمراہ اپنے کیری وین میں سوار حلقہ گنگ سے واپس پنڈی گھیب آرہے تھے کہ نکہ کھوٹ روڈ پر شاہزور انگی کیری وین سے جا ٹکرائی جس کے نتیجہ میں کیری وین ڈرائیور محمد رمضان شدید زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے موقع پر ہی جان کی بازی ہار گیا جبکہ اسکی اہلیہ اور پوتی شدید زخمی ہوگئے ۔ واقعہ کی اطلاع پاکر مقامی ریسکیو 1122 کی ٹیم نے جائے حادثہ پر پہنچ کر زخمیوں کو مقامی ہسپتال منتقل کر دیا۔ بعد ازاں حادثہ میں جاں بحق متوفی کو گزشتہ شب کھڑپہ پنڈ گھیب کے آبائی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا

تھانہ مندرہ مویشی کھلے چھوڑنے پر مالک کے خلاف مقدمہ درج

آوارہ جانور مین شاہراہ پر ٹریفک کے لیے مسائل پیدا کر رہے تھے، بیل قبضے میں کر لیا گیا

سکھو (محمد فرقان قریشی) اے ایس پی سرکل گوجر خان سید دانیال حسن کی ہدایت پر ایس ایچ او تھانہ مندرہ ذکا الحسن اوران کی ٹیم نے تھانہ مندرہ کی حدود میں کھلے عام مویشی چھوڑنے اور ٹریفک میں رکاوٹ پیدا کرنے پر فوری کارروائی کرتے ہوئے مالک کے خلاف دفعہ 289 کے تحت مقدمہ درج کر لیا، پولیس کے مطابق جانوروں کو سڑک پر آوارہ چھوڑنے کے باعث نہ صرف ٹریفک کی روانی متاثر ہو رہی تھی بلکہ شہریوں کو بھی شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، صورتحال کے پیش نظر پولیس نے موقع پر پہنچ کر بیل کو قبضے میں لے لیا، پولیس کا کہنا ہے کہ شہریوں کی حفاظت اور ٹریفک نظام کی بہتری کے لیے ایسے عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی جو غفلت یا لاپرواہی سے عوامی مشکلات کا سبب بنتے ہیں۔

راولپنڈی میں پیمائش کی چیکنگ مہم جاری، کم ناپ تول کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں

چیکنگ کے دوران کم ناپ تول اور غیر معیاری پیمائش کے مرتکب افراد کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی

راولپنڈی (رانا سیف الرحمن) ذرائع کے مطابق ڈائریکٹر جنرل انڈسٹریز پنجاب ذیشان شبیر رانا اور کنٹرولر ویٹس اینڈ میژورز پنجاب جاوید اقبال قریشی کی ہدایات پر ضلع بھر میں اوزان و پیمائش کی جانچ پڑتال کے لیے خصوصی مہم جاری ہے۔ اس سلسلے میں ڈسٹرکٹ آفیسر انڈسٹریز راولپنڈی نے مختلف ٹیمیں تشکیل دے دی ہیں جو شہر کی مارکیٹوں، تجارتی مراکز اور دکانوں پر باقاعدگی سے اوزان و پیمائش کی چیکنگ کر رہی ہیں۔ مہم کا مقصد صارفین کے حقوق کا تحفظ اور کاروباری لین دین میں شفافیت کو یقینی بنانا ہے تاکہ عوام کو درست ناپ تول کے مطابق اشیائے ضروریہ اور دیگر سامان فراہم کیا جا سکے۔ انسپکٹر ویٹس اینڈ میژورز سید مدثر علی نے کمرشل مارکیٹ کا دورہ کیا اور مختلف دکانوں پر استعمال ہونے والے ترازو، باٹ، پیمانے اور دیگر آلات کی جانچ پڑتال کی۔ معائنے کے دوران تمام متعلقہ قوانین اور ضوابط کے مطابق اوزان و پیمائش کا جائزہ لیا گیا۔ چیکنگ کے دوران کم ناپ تول اور غیر معیاری پیمائش کے مرتکب افراد کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی، جبکہ دکانداروں کو ہدایت کی گئی کہ وہ منظور شدہ اور درست اوزان و پیمائش کے آلات استعمال کریں تاکہ صارفین کے حقوق متاثر نہ ہوں۔ ڈسٹرکٹ آفیسر انڈسٹریز نے کہا کہ عوام کو معیاری اور درست پیمائش کی فراہمی حکومت پنجاب کی ترجیحات میں شامل ہے، اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں آئندہ بھی جاری رہیں گی۔

ایس وی ڈی پی آفس میں ملک گل باز خان آفاقی کی پانچویں برسی عقیدت و احترام سے منائی گئی

مرحوم کی فیملی، سون ویلی ڈویلپمنٹ پروگرام کے سٹاف، سماجی شخصیات، دوست احباب اور وادی سون کی مختلف کمیونٹیز سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی

نوشہرہ سون سکیسر (نمائندہ خصوصی) ایس وی ڈی پی آفس میں ملک گل باز خان آفاقی کی پانچویں برسی عقیدت و احترام سے منائی گئی بانی سون ویلی ڈویلپمنٹ پروگرام ملک گل باز خان آفاقی کی پانچویں برسی سون ویلی ڈویلپمنٹ پروگرام کے دفتر میں نہایت عقیدت، احترام اور سادگی کے ساتھ منائی گئی اس موقع پر مرحوم کی فیملی، سون ویلی ڈویلپمنٹ پروگرام کے سٹاف، سماجی شخصیات، دوست احباب اور وادی سون کی مختلف کمیونٹیز سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی مقررین نے مرحوم کے ایصال ثواب، درجات کی بلندی اور مغفرت کے لیے خصوصی دعاوں کے بعد ملک گل باز آفاقی مرحوم کی زندگی، شخصیت اور خدمات پر روشنی ڈالی اور ان کی وادی سون کی ترقی، تعلیم کے فروغ، سماجی ہم آہنگی اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے کی جانے والی انتھک کاوشوں کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ملک گل باز آفاقی دور اندیش، مخلص اور خدمتِ خلق کے جذبے سے سرشار شخصیت تھے جنہوں نے سون ویلی ڈویلپمنٹ پروگرام کی بنیاد رکھ کر علاقے کی ترقی اور کمیونٹی کی فلاح کے لیے ایک مضبوط پلیٹ فارم مہیا کیا ان کا وژن صرف منصوبوں تک محدود نہیں بلکہ وہ ایک خوشحال، تعلیم یافتہ اور خودمختار معاشرے کے خواہاں تھے شرکاء نے اس بات پر زور دیا کہ مرحوم کی خدمات اور نظریات آج بھی لوگوں کے لیے مشعل راہ ہیں اور ان کے مشن کو آگے بڑھانا ہی ان کے ساتھ حقیقی عقیدت کا اظہار ہے اور اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ ان کی سوچ، فلسفے اور خدمت انسانیت کے سفر کو جاری رکھا جائے گا۔

گلگت بلتستان میں ہونے والے آئندہ انتخابات میں پاکستان مسلم لیگ ن بڑی کامیابی حاصل کرے گی

مسلم لیگ ن کی قیادت نے ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا اور عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کو فروغ دیا

راولپنڈی (رپورٹر پنڈی ٹو ڈے) گلگت بلتستان میں ہونے والے آئندہ انتخابات میں پاکستان مسلم لیگ ن بڑی کامیابی حاصل کرے گی، ان خیالات کا اظہار ممبر پنجاب اسمبلی تحسین فواد نے اپنے اخباری بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ میاں محمد نواز شریف نے گلگت بلتستان کے مسائل کے حل اور ترقی کے لیے ماضی میں جو تاریخی اقدامات کیے اگر ان میں رکاوٹیں پیدا نہ کی جاتیں تو آج گلگت بلتستان ایک انتہائی ترقی یافتہ خطہ ہوتا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ ن ہمیشہ ترقی، خوشحالی اور عوامی خدمت کی سیاست پر یقین رکھتی ہے اور جب بھی مسلم لیگ ن کو اقتدار ملا ہر علاقے میں تعمیر و ترقی کا نیا دور شروع ہوا۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن کی قیادت نے ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا اور عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کو فروغ دیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ پنجاب میں ترقیاتی منصوبے تیزی سے جاری ہیں اور عوامی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن کی قیادت عوامی خدمت کے جذبے کے ساتھ ملک کو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن رکھنے کے لیے پرعزم ہے۔

حکومت بجٹ میں رئیل اسٹیٹ سیکٹر کو ریلیف دے

عوام کو روزگار ملے گا، حکومت وقت عقل مندی کا مظاہرہ کرے اور اس سیکٹر پر خصوصی توجہ دے

راولپنڈی (راجہ افضال حسین) سابق سیاسی مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری سرفراز الفضل نے آمدہ بجٹ کے حوالے سے میڈیا نمائندگان سے بات کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت بجٹ میں رئیل اسٹیٹ سیکٹر کو ریلیف دے۔ وفاقی اور صوبائی حکومتوں کو معیشت کی بہتری اور مارکیٹ میں متعدد صنعتوں کے کاروبار کو بحال کرنے کے لیے رئیل اسٹیٹ سیکٹر کے لیے خصوصی ریلیف پیکج کا اعلان کرنا چاہیے رئیل اسٹیٹ سیکٹر کا مطلب صرف پلاٹ نہیں ہوتا بلکہ اس سے بڑی کئی صنعتیں اور لاکھوں کروڑوں مزدوروں اور ہیاڈ ار لیبر کا کام چلتا ہے ۔رئیل اسٹیٹ سیکٹر کی وجہ سے چینٹ فیکٹریاں ؛اسٹیل ملز ؛سیمنٹ فیکٹریاں ؛ریت کرش کے پلانٹ ؛الیکٹرونکس مارکیٹ ؛فرنیچر مارکیٹ ؛برکس فیکٹریوں سمیت متعدد انڈسٹریز کا کاروبار چل پڑے گا اور عوام کو روزگار ملے گا، حکومت وقت عقل مندی کا مظاہرہ کرے اور اس سیکٹر پر خصوصی توجہ دے

کچہری چوک کا ڈیزائن بنانے والے انجینئر کو 21 توپوں کی سلامی

مین اڈیالہ روڈ کا راستہ گلی محلوں سے گزرنے لگا، یوٹرن سے مین اڈیالہ روڈ کا راستہ بند کر دیا گیا

اڈیالہ (ملک نعیم اختر) کچہری چوک کا ڈیزائن بنانے والے انجینئر کو 21 توپوں کی سلامی۔ مین اڈیالہ روڈ کا راستہ گلی محلوں سے گزرنے لگا۔ یوٹرن سے مین اڈیالہ روڈ کا راستہ بند کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق کچہری چوک بننے سے عوام کی جان میں جان آئی اور ٹریفک کا رش ختم ہونے میں بہت مدد ملی عوام اس منصوبے سے بہت پرسکون اور خوش ہیں یہ پنجاب حکومت کی اچھی کاوش ہے جس کو عوام کی اکثریت نے سراہا ہے کچہری چوک کا ڈیزائن بھی بہت خوبصورت بنا ہے مگر انجینئر کی ڈیزائن بناتے وقت توجہ شاید کہیں اور مرکوز ہو گئی تھی انہوں نے کچہری سے مین اڈیالہ روڈ کو ملانا مناسب نہیں سمجھا یا وہ بھول بھلیوں میں گم ہو گئے تھے۔ گزشتہ روز ایک اری افیسر جن کے ساتھ میں ہم سفر تھا انہوں نے اڈیالہ روڈ کا یوٹرن لیا تو وہ گھومتے ہی رہے جب میں نے ان کو بتایا کہ کچہری سے مین اڈیالہ روڈ کو انجینئر ملانا بھول گیا ہے تو وہ اس پر بڑے تعجب میں اگئے اور انہوں نے مذکورہ انجینئر کو 21 توپوں کی سلامی دینے کا فرمان جاری کیا عوام کی اکثریت نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے مطالبہ کیا ہے کہ کچہری سے مین اڈیالہ روڈ کو ملایا جائے اور نقشے میں درستگی کی جائے۔

ڈاکٹر انیس رضا بخاری کی ایران روانگی متوقع

حاجی شاہ نے بیٹے کے سفر کے لیے دعاؤں کا اظہار کیا

خانگڑھ شریف (نامہ نگار) خانگڑھ شریف کے معروف نعت خواں حاجی شاہ کے صاحبزادے ڈاکٹر انیس رضا بخاری کی ایران کے لیے روانگی متوقع ہے۔ اس موقع پر حاجی شاہ نے اپنے صاحبزادے کے لیے ڈھیروں دعاؤں اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ ان کے بیٹے کے سفر کو آسان بنائے اور انہیں دین و دنیا کی کامیابیاں عطا فرمائے۔ سماجی و مذہبی حلقوں نے ڈاکٹر انیس رضا بخاری کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ بیرونِ ملک جا کر ملک و قوم کا نام روشن کریں گے۔ واضح رہے کہ حاجی شاہ کا شمار خانگڑھ شریف کے معروف نعت خوانوں میں ہوتا ہے۔ (رپورٹ: ملک محمد عثمان مونڈا، چیف رپورٹر)

وزیر آباد میں ناجائز قبضوں کے خلاف موثر قانون سازی کا مطالبہ

شہریوں، کسانوں اور سماجی حلقوں کی قبضہ مافیا کے خلاف آواز

وزیر آباد (نامہ نگار) دیرینہ ناجائز قبضوں کے معاملات میں متاثرین رل گئے۔ موثر قانون سازی کا مطالبہ۔ وزیر آباد اور گردونواح میں ناجائز قبضوں کے بڑھتے ہوئے واقعات پر شہریوں، کسانوں، خواتین اور سماجی حلقوں نے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت پنجاب سے موثر قانون سازی اور فوری عملی اقدامات کا مطالبہ کیا ہے۔ متاثرین کا کہنا ہے کہ بااثر عناصر کی جانب سے زرعی اور رہائشی اراضی پر قبضوں کے واقعات میں اضافہ ہو رہا ہے جبکہ متاثرہ افراد کو انصاف کے حصول کے لیے طویل قانونی مراحل اور سرکاری دفاتر کے چکر لگانا پڑتے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ موجودہ قوانین اور انتظامی طریقہ کار قبضہ مافیا کی حوصلہ شکنی کے لیے ناکافی ثابت ہو رہے ہیں۔ بااثر قانون شکن عناصر لوگوں کو ناجائز قبضوں میں خوار کرتے اور قانونی پیچیدگیوں میں الجھا دیتے ہیں۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے مطالبہ کیا کہ ناجائز قبضوں میں ملوث عناصر کے خلاف فوری اور بلاامتیاز کارروائی کو یقینی بنایا جائے اور ایسے مقدمات کے جلد فیصلوں کے لیے خصوصی نظام وضع کیا جائے۔ زرعی اراضیوں سے وابستہ افراد نے کہا کہ زمینوں کے ریکارڈ، انتقالات اور ملکیتی تنازعات کے نظام میں جدید اصلاحات وقت کی اہم ضرورت ہیں۔ کئی خواتین، غریب خاندانوں کی زمینوں پر بااثر افراد نے پچیس تیس سالوں سے ناجائز قبضے جما رکھے ہیں۔ ان کے مطابق لینڈ ریکارڈ کے نظام کو مزید شفاف اور موثر بنانے سے قبضوں اور جعلسازی کے واقعات میں نمایاں کمی لائی جا سکتی ہے۔ سماجی رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ قبضہ مافیا کے خلاف سخت سزاؤں کا تعین کیا جائے اور متاثرین کو فوری ریلیف فراہم کرنے کے لیے خصوصی سیل قائم کیے جائیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ حکومت پنجاب اس اہم مسئلے کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرتے ہوئے عوام کے جان و مال اور املاک کے تحفظ کو یقینی بنائے گی۔

چیچہ وطنی بار ایسوسی ایشن کو 30 لاکھ روپے کا فنڈ منظور

چوہدری سجاد اقبال گجر ایڈووکیٹ نے وعدے پورے کرنے کی یقین دہانی کرائی

ساہیوال ڈپٹی بیورو چیف شاہ بہرام مان فیروزی چیچہ وطنی بار ایسوسی ایشن کے صدر چوہدری سجاد اقبال گجر ایڈووکیٹ جنرل سیکرٹری بار چوہدری گلفام تبسم جٹ ایڈووکیٹ کی خصوصی کاوش سے بار ایسوسی ایشن چیچہ وطنی کو مختلف ترقیاتی کاموں کے لئے فنڈز کی ضرورت کے تحت گورنمنٹ آف پنجاب کی جانب 30 لاکھ روپے کی خطیر رقم کا فنڈز منظور کروانے پر اور چیک وصول کرنے پر معززین اراکین بار ایسوسی ایشن چیچہ کی جانب سے خراج تحسین پیش کیا صدر بار چوہدری سجاد اقبال گجر ایڈووکیٹ جنرل سیکرٹری بار چوہدری گلفام تبسم جٹ ایڈووکیٹ سے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے کہا کہ ہم نے جو وعدے کئے تھے انشاءاللہ سب پورے کریں گے اس کے علاوہ جو ممکن ہو بار کے لئے دن رات ایک کردیں گے

جھنگ میں غیر قانونی بازاروں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں

ضلع کونسل جھنگ نے غیر قانونی بازار بند کر دیا، مہر محمد اکرم بھروانہ

جھنگ (علی رحمن سے) ڈپٹی کمشنر وائیڈ منسٹریٹر ڈسٹرکٹ کونسل جھنگ علی اکبر ہنجرا کی ہدایات اور چیف آفیسر ضلع کونسل مہر محمد اکرم بھروانہ کے احکامات پر ضلع بھر میں غیر قانونی بازاروں کے خلاف کارروائیاں مسلسل کے ساتھ جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں موضع گلمالہ میں بغیر این او سی قائم کیے گئے غیر قانونی بازار کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے اسے بند کروا دیا گیا۔ کاروائی کے دوران انفورسمنٹ انسپکٹر عامر رشید سمیت دیگر متعلقہ عملے نے موقع پر پہنچ کر غیر قانونی طور پر قائم بازار کا جائزہ لیا اور قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی پر اسے فوری طور پر بند کر دیا۔ اس موقع پر چیف آفیسر ضلع کونسل مہر محمد اکرم بھروانہ نے کہا کہ عوامی مفاد، امن و امان اور قانونی تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے بغیر اجازت نامے کے قائم کیے جانے والے بازاروں اور تجارتی سرگرمیوں کی ہرگز اجازت نہیں دی جا سکتی۔ انہوں نے واضح کیا کہ کسی بھی بازار یا میلے کے انعقاد کے لیے متعلقہ اداروں سے این او سی اور قانونی اجازت حاصل کرنا ضروری ہے جبکہ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضلع کونسل جھنگ کی جانب سے غیر قانونی بازاروں کے خلاف آپریشن آئندہ بھی جاری رہے گا تاکہ شہریوں کو محفوظ اور منظم ماحول فراہم کیا جا سکے۔

سلانوالی میں آندھی اور بارش سے موسم خوشگوار ہو گیا

شہریوں نے موسم کی تبدیلی پر اطمینان کا اظہار کیا

سلانوالی سرگودھا (نوید پاکستان بیورو چیف مہر سردار احمد سپرا سے) آندھی اور تیز بارش سے موسم خوشگوار سلانوالی اور گردونواح میں جمعرات کے روز چلنے والی ٹھنڈی آندھی اور بعض علاقوں میں ہونے والی تیز بارش اور ہلکی بوندا باندی کے بعد موسم خوشگوار ہو گیا جس پر شہریوں نے سکھ کا سانس لیا گزشتہ کئی روز سے جاری گرمی اور حبس کے باعث عوام شدید پریشانی کا شکار تھے تاہم موسم میں اچانک تبدیلی نے ماحول کو بہتر بنا دیا دوپہر کے اوقات میں چلنے والی تیز ہواؤں کے بعد بادلوں نے آسمان کو ڈھانپ لیا جبکہ مختلف علاقوں میں تیز بارش اور بوندا باندی بھی ریکارڈ کی گئی موسم خوشگوار ہونے پر شہری بڑی تعداد میں گھروں سے باہر نکل آئے اور پارکوں، ہوٹلوں اور تفریحی مقامات کا رخ کیا بازاروں اور عوامی مقامات پر بھی معمول سے زیادہ رونق دیکھنے میں آئی شہریوں کا کہنا ہے کہ حالیہ دنوں میں شدید گرمی کے باعث معمولات زندگی متاثر ہو رہے تھے اور بجلی کی طلب میں بھی اضافہ ہو گیا تھا موسم کی تبدیلی سے نہ صرف درجہ حرارت میں کمی آئی بلکہ حبس کا خاتمہ ہونے سے لوگوں نے راحت محسوس کی ماہرین موسمیات کے مطابق آئندہ چند روز کے دوران بھی موسم نسبتاً بہتر رہنے کا امکان ہے جبکہ بعض علاقوں میں مزید ہلکی بارش متوقع ہے شہریوں نے موسم کی خوشگواری پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ گرمی کی شدت میں کمی آنے سے روزمرہ سرگرمیوں کی انجام دہی آسان ہو گئی ہے موسم کی اس تبدیلی کو عوام نے قدرت کا انعام قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ آنے والے دنوں میں بھی موسم خوشگوار رہے گا۔

ڈاکٹر انیس رضا بخاری کی ایران روانگی متوقع

حاجی شاہ نے بیٹے کے سفر کے لیے دعاؤں کا اظہار کیا

خانگڑھ شریف (نامہ نگار) خانگڑھ شریف کے معروف نعت خواں حاجی شاہ کے صاحبزادے ڈاکٹر انیس رضا بخاری کی ایران کے لیے روانگی متوقع ہے۔ اس موقع پر حاجی شاہ نے اپنے صاحبزادے کے لیے ڈھیروں دعاؤں اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ ان کے بیٹے کے سفر کو آسان بنائے اور انہیں دین و دنیا کی کامیابیاں عطا فرمائے۔ سماجی و مذہبی حلقوں نے ڈاکٹر انیس رضا بخاری کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ بیرونِ ملک جا کر ملک و قوم کا نام روشن کریں گے۔ واضح رہے کہ حاجی شاہ کا شمار خانگڑھ شریف کے معروف نعت خوانوں میں ہوتا ہے۔ (رپورٹ: ملک محمد عثمان مونڈا، چیف رپورٹر)

وزیر آباد میں ناجائز قبضوں کے خلاف موثر قانون سازی کا مطالبہ

شہریوں، کسانوں اور سماجی حلقوں کی قبضہ مافیا کے خلاف آواز

وزیر آباد (نامہ نگار) دیرینہ ناجائز قبضوں کے معاملات میں متاثرین رل گئے۔ موثر قانون سازی کا مطالبہ۔ وزیر آباد اور گردونواح میں ناجائز قبضوں کے بڑھتے ہوئے واقعات پر شہریوں، کسانوں، خواتین اور سماجی حلقوں نے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت پنجاب سے موثر قانون سازی اور فوری عملی اقدامات کا مطالبہ کیا ہے۔ متاثرین کا کہنا ہے کہ بااثر عناصر کی جانب سے زرعی اور رہائشی اراضی پر قبضوں کے واقعات میں اضافہ ہو رہا ہے جبکہ متاثرہ افراد کو انصاف کے حصول کے لیے طویل قانونی مراحل اور سرکاری دفاتر کے چکر لگانا پڑتے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ موجودہ قوانین اور انتظامی طریقہ کار قبضہ مافیا کی حوصلہ شکنی کے لیے ناکافی ثابت ہو رہے ہیں۔ بااثر قانون شکن عناصر لوگوں کو ناجائز قبضوں میں خوار کرتے اور قانونی پیچیدگیوں میں الجھا دیتے ہیں۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے مطالبہ کیا کہ ناجائز قبضوں میں ملوث عناصر کے خلاف فوری اور بلاامتیاز کارروائی کو یقینی بنایا جائے اور ایسے مقدمات کے جلد فیصلوں کے لیے خصوصی نظام وضع کیا جائے۔ زرعی اراضیوں سے وابستہ افراد نے کہا کہ زمینوں کے ریکارڈ، انتقالات اور ملکیتی تنازعات کے نظام میں جدید اصلاحات وقت کی اہم ضرورت ہیں۔ کئی خواتین، غریب خاندانوں کی زمینوں پر بااثر افراد نے پچیس تیس سالوں سے ناجائز قبضے جما رکھے ہیں۔ ان کے مطابق لینڈ ریکارڈ کے نظام کو مزید شفاف اور موثر بنانے سے قبضوں اور جعلسازی کے واقعات میں نمایاں کمی لائی جا سکتی ہے۔ سماجی رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ قبضہ مافیا کے خلاف سخت سزاؤں کا تعین کیا جائے اور متاثرین کو فوری ریلیف فراہم کرنے کے لیے خصوصی سیل قائم کیے جائیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ حکومت پنجاب اس اہم مسئلے کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرتے ہوئے عوام کے جان و مال اور املاک کے تحفظ کو یقینی بنائے گی۔

چیچہ وطنی پریس کلب کے عہدیداران نے نئی قیادت کو مبارک باد دی

بلا مقابلہ منتخب ہونے پر ملازمین کا اعتماد عہدیداران پر ظاہر ہوا

ساہیوال ڈپٹی بیورو چیف شاہ بہرام مان فیروزی سابق صدر چیچہ وطنی پریس کلب چوہدری فیاض حسن کمبوہ اور صدر مرکزی انجمن تاجران حقیقی تحصیل چیچہ وطنی، جنرل سیکرٹری چیچہ وطنی پریس کلب چوہدری شہباز حسین کمبوہ نے آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز لیبر یونین سب ڈویژن ہڑپہ کے چیئرمین رشید مرتضیٰ گجر، جنرل سیکرٹری شاہد اقبال کمبوہ، وائس چیئرمین رانا نذیر، جوائنٹ سیکرٹری رضوان شریف سمیت تمام عہدیداران کو بلا مقابلہ منتخب ہونے پر مبارک باد دیتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے، چوہدری فیاض حسن کمبوہ اور چوہدری شہباز حسین کمبوہ کا کہنا تھا کہ عہدیداران کا بلا مقابلہ انتخاب ملازمین کے ان پر بھرپور اعتماد کا مظہر ہے، انہوں نے امید ظاہر کی کہ نئی قیادت ماضی کی طرح ملازمین کے حقوق کے تحفظ اور ان کے مسائل کے حل کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائے گی۔

عوامی جدوجہد کے سفر میں ذہنی تبدیلیاں آنا شروع ہو گئیں

تبدیلی کی خواہش نے انسانوں سے دور کر دیا: پرویز سلطانی



اوکاڑہ سے رپورٹ پرویز سلطانی ۔۔ عوامی جدوجہد کا راستہ آپ کا ترقی پسند سفر شروع ہوتے ہی آپ کے بہت سارے ذہنی بُت ٹوٹنے لگتے ہیں، جس سے بچپن کے سجائے گئے خیالی خواب بکھرنے لگتے ہیں۔ آپ کے اندر بہت سارے بدلاؤ ری ایکشن کی شکل اختیار کر کے آپ کی شخصیت کو موجودہ سماج میں بیگانہ بنا دیتے ہیں۔ آپ نئے پن اور تبدیلی کی خواہش میں اپنے آپ سے اجنبیت محسوس کرنے لگتے ہیں۔ آپ کو اپنے ارد گرد ہر شے میں صرف نفرت کے سائے منڈلاتے دکھائی دینے لگتے ہیں۔ دوست، یار، علاقہ، ملک، اپنے پرائے سب پسماندہ اور جاہل نظر آنے لگتے ہیں۔ آپ کو ایسا لگتا ہے جیسے آپ غلط ملک میں پیدا ہو گئے ہیں، یا یہ ملک ہی غلط بن گیا ہے۔ آپ کو لگتا ہے جیسے آپ جس مذہب، مسلک یا فرقے میں پیدا ہوئے ہیں، یہ سب جھوٹ پر مبنی ہے۔ آپ کی زندگی کی رعنائیاں دھیمی پڑنے لگتی ہیں۔ یہ وہ فیز ہوتا ہے جس میں آپ کو ہر شے میں بے مقصدیت نظر آنے لگتی ہے۔ آپ رشتوں، ناطوں، ذمہ داریوں اور ہر پرانے تعلق سے دور بھاگنے لگتے ہیں۔ یہاں سے ایک ایسا سفر شروع ہوتا ہے جس کا ہر گزرتا لمحہ آپ کو انسانوں سے دور کرتا چلا جاتا ہے۔ آپ کی امیدیں اور کوششیں پھیکی پڑنے لگتی ہیں۔ یقین کیجیے، آپ کا ہر شے سے

ضلع خیر پور میں طوفان اور بارش نے تباہی مچائی

تیز طوفان کی وجہ سے بجلی اور پانی کی فراہمی معطل

خیر پور (نامہ نگار: مرید حسین ٹانوری) ضلع خیر پور کے علاقوں ٹنڈو مستی، گمبٹ، کوٹ ڈیجی، پیروں کا گوٹھ، فقیر آباد، رانی پور، رسول آباد، ہنگورجا، گاؤں پچل بھنبھرہ، صوبو دیرو سمیت آس پاس کے چھوٹے بڑے شہروں میں تیز طوفان اور بارش نے تباہی مچا دی، سولر پینل اڑ گئے، بجلی اور پانی کی فراہمی معطل۔ ضلع خیر پور بھر میں گزشتہ رات آنے والے تیز طوفان اور بارش نے بڑی تباہی مچا دی۔ تیز ہواؤں کے باعث کئی گھروں کی چھتوں پر لگے سولر پینل اڑ کر زمین پر گر پڑے، جس سے لاکھوں روپے کا نقصان ہوا۔ طوفان کی شدت کے باعث کئی کچے پکے چھپر، چار دیواریاں اور دیگر عمارتیں منہدم ہو گئیں، جبکہ کئی بڑے درخت بھی جڑ سے اکھڑ گئے۔ تیز ہواؤں کی وجہ سے علاقے میں بجلی کا نظام مکمل طور پر درہم برہم ہو گیا ہے اور طویل بریک ڈاؤن جاری ہے۔ بجلی بند ہونے کے باعث شہر میں پینے کے پانی کی فراہمی بھی معطل ہو گئی ہے۔ مسلسل بجلی بندش کے باعث کاروباری سرگرمیاں متاثر ہو گئی ہیں اور معمول کی زندگی مفلوج ہو کر رہ گئی ہے۔

قصور میں 07 جرائم پیشہ ملزمان کریک ڈاؤن میں گرفتار

ڈی پی او آفتاب احمد پھلروان کی قیادت میں کارروائیاں جاری ہیں



(چتوکی) صدی احمد نامہ نگار) چتوکی قصور/ جرائم پیشہ ملزمان کے خلاف کریک ڈاؤن، 04 بدنام زمانہ منشیات فروشوں سمیت 07 کریمنل گرفتار * قصور۔ ڈی پی او آفتاب احمد پھلروان کی ہدایت پر تھانہ صدر پھولنگر پولیس کا جرائم پیشہ ملزمان کے خلاف کریک ڈاؤن قصور۔ ایس ایچ او اسلم بھٹی کی سربراہی میں پولیس ٹیم نے 04 بدنام زمانہ منشیات فروشوں سمیت 07 کریمنلز کو گرفتار کر لیا قصور۔ ملزمان کے قبضہ سے ایک کلو گرام سے زائد آئس، ساڑھے تین کلو گرام سے زائد چرس، 30 لیٹر شراب اور پسٹل برآمد قصور۔ منشیات فروش ذوالفقار عرف رانا لمبے جاگیر، وقاص عرف بٹ نتھے جاگیر، توقیر جمبر اور سلامت بھگیانہ کلاں کے رہائشی ہیں قصور۔ منشیات فروش عرصہ دراز سے پھولنگر کے گرد و نواح میں منشیات کا کمرہ دھندہ کر کے نوجوان نسل تباہ کر رہے تھے قصور۔ ملزمان کے خلاف امتناع منشیات کی دفعات کے تحت الگ الگ مقدمات درج، مزید تفتیش جاری قصور۔ رابری مقدمہ میں مطلوب عرصہ 02 سال سے مطلوب اے کیٹگری کے دو مجرم اشتہاری بھی گرفتار قصور۔ مجرم اشتہاری تنویر اور عثمان شیخوپورہ کے رہائشی ہیں جن کو جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کیا گیا قصور۔ گندھیاں اوتاڑ کے رہائشی ملزم فیاض عرف فیا جو سے ایک پسٹل برآمد، مقدمہ درج قصور۔ ڈی پی او آفتاب احمد پھلروان کی قیادت میں پولیس کی ضلع بھر میں جرائم پیشہ کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں

ملک اللہ یار کھوکھر کے والد کا چہلم 5 جون کو

رسم چہلم مسجد شیر احمد حسن بولدہ میں ادا کی جائے گی



اناللہ وانا الیہ راجعون ملک اللہ یار کھوکھر کے مرحوم والد کا رسم چہلم ان کے آبائی گاؤں میں مورخہ 5 جون بروز جمعہ کو مسجد شیر احمد حسن بولدہ میں ادا کیا جائے گا۔ تمام محلہ داروں اور عزیز و اقارب سے شمولیت کی استدعا ہے۔ رابطہ ملک اللہ یار کھوکھر (رنگ روڈ پولیس لاہور)

انجینئر عبدالحفیظ بھٹی کا ٹرانسفارمر ورکشاپ کا ہنگامی دورہ

ایس ای میپکو کی ٹرانسفارمرز کی مرمت کی رفتار بڑھانے کی ہدایت

رحیم یار خان (محمد شفیق) آج 4 جون 2026 کو سپرنٹنڈنگ انجینئر، میپکو سرکل رحیم یار خان/ ایگزیکٹو انجینئر عبدالحفیظ بھٹی نے ٹرانسفارمر ریکلیمیشن ورکشاپ رحیم یار خان کا ہنگامی دورہ کیا۔ دورے کے دوران ایکسین (XEN) میپکو ڈویژن رحیم یار خان انجینئر اقبال حسین بھٹو بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ایس ای میپکو نے موجودہ آندھی، طوفان اور بارشوں کے نتیجے میں جلنے اور خراب ہونے والے ٹرانسفارمرز کی مرمت کے عمل اور ان کو ٹھیک کرنے کی رفتار کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے ورکشاپ سٹاف کو سخت ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ گرمی اور طوفانی موسم میں عوامی مشکلات کے پیشِ نظر ٹرانسفارمرز کی تیاری کی رفتار کو مزید تیز کیا جائے تاکہ صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ انہوں نے معیار پر سمجھوتہ کیے بغیر جلد از جلد ٹرانسفارمرز ٹھیک کر کے فیلڈ میں بھیجنے کا حکم دیا۔ ترجمان میپکو سرکل رحیم یار خان

ڈپٹی کمشنر آصف رضا کی ناجائز منافع خوری کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں

عوامی استحصال برداشت نہیں کیا جائے گا، آصف رضا کا اعلان

عارفوالہ (حاجی ارشد جاوید) ڈپٹی کمشنر آصف رضا نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق ناجائز منافع خوری اور مقررہ نرخوں کی خلاف ورزی میں ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔ عوامی استحصال کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا اور شہریوں کو سرکاری نرخوں پر اشیاء و خدمات کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر آصف رضا کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر عارفوالا فیصل عمران نے پیرافورس کے ہمراہ کمہاراں والا چوک میں قائم ریت سیل پوائنٹ پر اچانک چھاپہ مار کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران ریت مقررہ شیڈول ریٹ سے زائد قیمت پر فروخت کیے جانے کا انکشاف ہوا، جس پر ایک شخص کو گرفتار کر کے اس کے خلاف قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر فیصل عمران نے موقع پر نرخنامہوں اور فروخت کے ریکارڈ کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ افراد کو سختی سے سرکاری نرخوں پر عملدرآمد کی اور خبردار کیا کہ اوور چارجنگ یا ناجائز منافع خوری میں ملوث کسی فرد کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر آصف رضا نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی ریلیف کے تحفظ کیلئے مکمل طور پر متحرک ہے اور سرکاری نرخوں کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن بلا تعطل جاری رہے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوامی مفاد کے خلاف کسی بھی سرگرمی پر سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

ڈسکہ میں ترقیاتی کام سست روی کا شکار، کاروبار متاثر

صرافہ مارکیٹ میں گندے پانی کی وجہ سے راستہ بند، دکاندار پریشان، رانا محمد شبیر

03 جون 2026 عروزیدھ ڈسکہ (حافظ ثمر شہزاد مغل سے) ڈسکہ میں ترقیاتی کام سست روی کا شکار، صرافہ مارکیٹ کے باہر بنائے گئے سیوریج نالہ سے پانی باہر نکلنے لگا، مارکیٹ کا راستہ بند، کاروبار بند، دکانداروں کے ساتھ گاہک بھی پریشان اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ، ڈسکہ شہر میں ترقیاتی کام جاری ہیں لیکن ٹھیکیدار انتہائی سست روی سے کام کر رہا ہے کئی روز قبل نیو صرافہ مارکیٹ کے سامنے سیوریج کے نکاس کیلئے نالہ بنایا گیا جسے اوپر سے ڈھانپ دیا گیا لیکن جو پانی جانے کے لئے راستہ چھوڑا گیا تھا اسی راستہ سے گندا پانی صرافہ مارکیٹ کے سامنے سڑک پر کھڑا ہوا گیا اور صرافہ مارکیٹ کا راستہ اس گندے پانی کی وجہ سے بند ہو گیا جس کے باعث صرافہ مارکیٹ میں داخل ہونا مشکل ہو گیا اس گندے پانی کی وجہ سے کاروبار ٹھپ ہو کر رہ گیا دکانداروں اور گاہکوں کو اسی گندے پانی سے گذرنا پڑ رہا ہے دکانداروں اور اہل علاقہ نے اس بارے مقامی انتظامیہ کو بتایا لیکن اس راستہ کو صاف نہیں کیا گیا صدر صرافہ ایسوسی ایشن و سینئیر صحافی رانا محمد شبیر و دیگر نے اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ و دیگر انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ اس پانی کو فوری طور پر ختم کر کے راستہ کو کلیئر کیا جائے تاکہ دکاندار اپنا کاروبار کر سکیں۔

صدر PMA ملک یاسر کی ولیمہ تقریب میں شمولیت

ریحان علی کی دعوتِ ولیمہ کی پروقار تقریب کا انعقاد

صدر PMA ملک یاسر کی ریحان علی کی دعوتِ ولیمہ میں خصوصی شرکت، پروقار تقریب کی میزبانی ایگزیکٹو مارکی میں اسلام آباد: پنجاب میڈیا ایسوسی ایشن PMA کے مرکزی صدر ملک یاسر نے گزشتہ روز ریحان علی کی دعوتِ ولیمہ کی پروقار تقریب میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ یہ شاندار تقریب نیشنل پولیس فاؤنڈیشن کے قریب واقع ایگزیکٹو مارکی، اٹک پٹرولیم کے عقب میں منعقد ہوئی جس میں جڑواں شہروں کی نامور سیاسی، سماجی، کاروباری اور صحافتی شخصیات نے بھرپور شرکت کی۔ صدر PMA ملک یاسر نے اس موقع پر دولہا ریحان علی کو شادی خانہ آبادی کی مبارکباد دی اور ان کی نئی زندگی کے لیے نیک خواہشات اور دعاؤں کا اظہار کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ خوشی کے ایسے مواقع باہمی محبت، بھائی چارے اور سماجی روابط کو مضبوط بناتے ہیں۔ تقریب میں علاقے کی معروف کاروباری و سماجی شخصیات ملک عاشق حسین، حاجی محبوب حسین، حاجی ملک شوکت اور نوجوان رہنما ملک رضوان ظہور نے بھی شرکت کی۔ معزز مہمانوں نے دولہا اور ان کے اہلِ خانہ کو گلدستے اور تحائف پیش کیے۔ ایگزیکٹو مارکی کی خوبصورت لائٹنگ اور جدید انتظامات نے تقریب کو چار چاند لگا دیے۔ مینجمنٹ کی جانب سے مہمانوں کے لیے پُرتکلف اور ذائقے دار عشائیے کا بھی خصوصی اہتمام کیا گیا تھا جسے شرکاء نے بے حد سراہا۔ تقریب کا ماحول انتہائی خوشگوار اور خاندانی نوعیت کا رہا۔ *اختتام پر دولہا کے والد اور اہلِ خانہ نے صدر PMA ملک یاسر سمیت تمام معزز مہمانوں، دوست احباب اور عزیز و اقارب کا اپنی مصروفیت سے وقت نکال کر تقریب کو رونق بخشنے پر تہہ دل سے شکریہ ادا کیا اور ان کی تشریف آوری کو باعثِ فخر قرار دیا۔

تعلیم، اخلاق اور اتحاد معاشرتی ترقی کے لیے ضروری ہیں: وقار احمد

نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں میں شامل ہونا چاہیے: وقار احمد

کاموکے (وقار احمد سے) معاشرے کی ترقی اور خوشحالی کے لیے تعلیم، اخلاق اور اتحاد ناگزیر ہیں ان خیالات کا اظہار وقار احمد نے اپنے بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم ہی وہ طاقت ہے جو قوموں کی تقدیر بدلتی ہے اور نوجوان نسل کو ترقی کی راہ پر گامزن کرتی ہے اگر ہم اپنے بچوں کو معیاری تعلیم اور بہترین اخلاق سے آراستہ کریں تو ایک مضبوط، مہذب اور ترقی یافتہ معاشرہ تشکیل دے سکتے ہیں وقار احمد نے کہا کہ نوجوان ملک کا قیمتی سرمایہ ہیں، انہیں چاہیے کہ وہ اپنی صلاحیتوں کو مثبت سرگرمیوں میں استعمال کریں، محنت، دیانتداری اور قانون کی پاسداری کو اپنی زندگی کا حصہ بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ اتحاد، بھائی چارہ اور باہمی احترام ہی معاشرتی استحکام کی بنیاد ہیں اور ان اوصاف کو فروغ دے کر ہم بہت سے مسائل پر قابو پا سکتے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ ہر فرد کو چاہیے کہ وہ اپنے فرائض ذمہ داری اور اخلاص کے ساتھ انجام دے اور معاشرے میں محبت، رواداری اور خدمتِ خلق کے جذبے کو عام کرے۔ اسی طرزِ عمل سے ایک پرامن، خوشحال اور مثالی معاشرے کی تعمیر ممکن ہے۔

کاموکے میں یوم شہادت حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر جلوس

سنی علماء کونسل کے زیر اہتمام جلوس کی قیادت مولانا سعید الرحمن فاروقی نے کی

کاموکے (تحصیل رپورٹر پیر فضل احمد نقشبندی سے) یوم شہادت خلیفہ سوم، داماد رسولؐ، جامع القرآن حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سلسلے میں مرکزی جامع مسجد اہل سنت والجماعت فاروق اعظم روڈ کاموکے سے مدحِ صحابہؓ مطالباتی جلوس نکالا گیا جلوس کی قیادت صدر سنی علماء کونسل کاموکے مولانا سعید الرحمن فاروقی نے کی جبکہ ضلعی صدر سنی علماء کونسل پاکستان قاری عبد القیوم اعوان نے خصوصی شرکت کی جلوس بعد نماز ظہر مرکزی جامع مسجد سے نکالا گیا جو اپنے مقررہ راستوں سے ہوتا ہوا پرامن طور پر اختتام پذیر ہوا جلوس میں قاری حامد محمود معاویہ، مولانا عاصم، حافظ عبدالرؤف اور شیخ ارشد سمیت جید علمائے کرام اور شہریوں کی بڑی تعداد شریک ہوئی مقررین نے خطاب کرتے ہوئے حضرت عثمان غنیؓ کی عظمت و شان بیان کی کہ آپ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دوہرے داماد ہونے کا شرف رکھتے ہیں، حیاء اور پاکدامنی کا پیکر اور سخاوت میں بے مثال تھے آپؓ نے غزوہ تبوک میں لشکرِ اسلام کی تیاری کے لیے مال و دولت نچھاور کر دی اور قرآن مجید کو یکجا کروا کر امت پر احسانِ عظیم فرمایا جلوس کے شرکاء کا خصوصی مطالبہ تھا کہ یوم شہادت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سمیت تمام خلفائے راشدین کے ایام وفات و شہادت پر عام تعطیل کا اعلان کیا جائے اور ان مقدس دنوں کو سرکاری سطح پر عقیدت و احترام سے منایا جائے تاکہ نئی نسل کو صحابہ کرامؓ کی قربانیوں سے روشناس کروایا جا سکے ممبر امن کمیٹی سرکل کاموکے رانا محمد ذوالفقار علی نے جلوس کے پرامن انعقاد پر اطم

بقیہ 1

ویمن پولیس اسٹیشن بھی دنیا بھر کے ٹاپ 20 پراجیکٹس میں شارٹ لسٹ کیا گیا ہے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ’’میرا پیارا‘‘ پراجیکٹ کی ٹیم کو ڈبلیو ایس آئی ایس کی طرف سے گلوبل چیمپئن قرار دیئے جانے پر شاباش دی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ عوامی خدمات کے معتبر فورم اقوام متحدہ کے تحت (WSIS) پرائز ڈیجیٹل گورننس پر پنجاب کے دو پروگرام کا شامل کیا جانا اعزاز ہے۔ورچوئل سینٹر فار چائلڈ سیفٹی ’’میرا پیارا‘‘ نے 1 لاکھ 45 ہزار سے زائد گمشدہ بچوں کے کیس کی مثال قائم کی۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ’’میرا پیارا‘‘ پراجیکٹ کے تحت 54 ہزار سے زائد گمشدہ بچوں کے لئے مؤثر کارروائی قابل تحسین ہے۔ ’’میرا پنجاب‘‘ سے بچوں کے استحصال آن لائن ہراسگی اور دیگر معاملات میں معاونت کی گئی ۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ’’میرا پنجاب‘‘ کی عالمی سطح پر پذیرائی ٹیکنالوجی پر مبنی پبلک سروسز کی عالمی سطح پر اعتراف کا ثبوت ہے۔گمشدہ افراد کے لئے میرا پیارا ایپ دنیا بھر میں پاکستان کا مثبت تشخص نمایاں ہوا۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ پنجاب کے پراجیکٹس کی بدولت پاکستان ڈبلیو ایس آئی ایس کیٹیگری میں دو شارٹ لسٹ شدہ پراجیکٹس کے ساتھ دنیا کا واحد ملک بن گیا۔ورچوئل سینٹر فار چائلڈ سیفٹی (VCCS) کے ذریعے بچوں سے متعلق 1 لاکھ 45 ہزار سے زائد کیسز نمٹائے گئے۔ ورچوئل سینٹر فار چائلڈ سیفٹی کی بدولت 77 ہزار سے زائد گمشدہ بچے بازیاب کرایا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں پارٹی کے اندر کوئی فارورڈ بلاک نہیں، پارلیمانی پارٹی اجلاس میں سب موجود تھے، سوائے ان کے جو بیرون ملک تھے، تمام ایم پی ایز وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کے ساتھ ہیں۔گزشتہ روز پی ٹی آئی کی پارلیمانی پارٹی اجلاس میں 92 ارکان میں سے 25 سے زائد غیر حاضر تھے۔

بقیہ 6

خیبر پختونخوا کا صوبائی سیکرٹری اطلاعات مقرر کر دیا گیا۔فیصلہ صوبائی صدر جنید اکبر خان ایم این اے کی ہدایت پر کیا گیا۔اس ضمن میں پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری پاکستان تحریک انصاف خیبر پختونخوا اعلیٰ اصغر خان کے دستخط سے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔یہ تقرری ملک عادل اقبال کی بطور معاون خصوصی وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا تقرری اور پارٹی عہدے سے علیحدگی کے بعد عمل میں لائی گئی ہے۔

بقیہ 7

پاکستان جوجٹسو اور مکس مارشل آرٹس ٹیم کے کھلاڑیوں اور فیڈریشن عہدیداران کے ساتھ ہوئی، جنہوں نے عالمی سطح پر شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے مختلف بین الاقوامی چیمپئن شپس میں گولڈ، سلور اور برانز میڈلز حاصل کیے۔خاص طور پر پاکستان نے ایشین ایم ایم اے چیمپئن شپ میں سلور میڈل جیت کر ایک اہم سنگِ میل عبور کیا، جس کے نتیجے میں پہلی بار پاکستان نے ایم ایم اے کے شعبے میں ایشین انڈور اینڈ مارشل آرٹس گیمز 2026ء کے لیے تاریخی کوالیفکیشن حاصل کی۔اس موقع پر پاکستان مکس مارشل آرٹس فیڈریشن کے صدر ذوالفقار علی نے چیئرمین رانا مشہود احمد خان کی جانب سے کھلاڑیوں کی خصوصی حوصلہ افزائی اور ملاقات کو سراہتے ہوئے اسے نوجوان کھلاڑیوں کے لیے انتہائی حوصلہ افزا اور مثبت اقدام قرار دیا۔پاکستان جوجٹسو فیڈریشن اور ساتھ ایشین جوجٹسو ایسوسی ایشن کے سیکرٹری جنرل طارق علی نے چیئرمین کو کھلاڑیوں کی حالیہ کارکردگی، بین الاقوامی کامیابیوں اور آئندہ ٹورنامنٹس کی تیاریوں پر تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے مستقبل کے منصوبوں اور کھلاڑیوں کی تیاریوں کے روڈمیپ سے بھی آگاہ کیا۔چیئرمین رانا مشہود احمد خان نے کھلاڑیوں کی شاندار کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ حکومت پاکستان نوجوان کھلاڑیوں، بالخصوص جوجٹسو اور مکسڈ مارشل آرٹس کے ابھرتے ہوئے ٹیلنٹ کو ہر سطح پر مکمل سپورٹ اور حوصلہ افزائی فراہم کرتی رہے گی تاکہ وہ بین الاقوامی سطح پر پاکستان کا نام مزید روشن کر سکیں۔

بقیہ 8

پیکیج نہ ملنے پر وفاقی حکومت سے جواب طلب کر لیا۔کیس کی سماعت جسٹس محمد علی مظہر کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے کی، جسٹس عرفان سعادت نے کہا کہ درخواست 25 دن تاخیر سے دائر کی گئی۔ پشاور ہائیکورٹ فیصلے پر توہین عدالت کی درخواست شہداء کے لواحقین کی جانب سے دائر کی گئی تھی، پشاور ہائیکورٹ نے توہین عدالت کی درخواست خارج کر دی تھی۔درخواست گزار کے وکیل نے کہا کہ شہداء کے لواحقین کو اعلان کردہ پیکیج نہیں ملا۔جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ اگر کوئی پیکیج ملا ہے تو سب کو دیں، وفاقی حکومت بتائے کہ پشاور ہائیکورٹ فیصلے پر عملدرآمد ہوا یا نہیں۔کیس کی مزید سماعت غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی کر دی گئی۔

بقیہ 9

گلگت کو نظر انداز کیوں کیا گیا، ٹوٹی سڑکیں دیکھ کر دکھ ہوتا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ گلگت بلتستان میں شروع ہونے والے نئے منصوبوں کی خود نگرانی کروں گا، ووٹ دیں یا نہیں، یہاں کے مسائل کے حل کے لیے شہباز شریف سے بات کروں گا، طلبہ کو اسکالرشپس دی جائیں گی، مزید لیپ ٹاپ دیے جائیں گے، میں وہ نواز شریف ہوں جو کسی پر تنقید کر کے کسی کی برائی کر کے ووٹ نہیں مانگتا ہم اپنی کارکردگی کی بنا پر ووٹ مانگتے ہیں۔نواز شریف نے کہا کہ یہاں 20، 0 گھنٹے لوڈشیڈنگ ہوتی ہے، یہ ہمیں منظور نہیں ہے، کسی اور کو منظور ہو تو ہو، یہ مجھے منظور نہیں ہے، میں جا کر شہباز شریف سے بات کروں گا، اگر یہاں ہماری حکومت بنی تو ہر دوسرے، تیسرے مہینے یہاں آتا جاتا رہوں گا اور چاہوں گا کہ جو منصوبے ہم شروع کریں، میں ان کی تکمیل ہوتے ہوئے دیکھوں۔انہوں نے کہا کہ یہاں کہا جا رہا ہے کہ ہمیں این ایف سی سے حصہ ملنا چاہیے، ہم نے اس سلسلے میں 2017 میں ایک کمیٹی بنائی تھی، اس کے بعد ہمیں نکال دیا گیا، اس وقت کمیٹی نے سفارشات مرتب کیں تھیں جنہیں ہم نے عملی جامہ پہنانا تھا، اس کا مطلب یہ کام اسوقت ہو گیا ہوتا، مجھے آپ نے کئی دفعہ دیس نکالا کیا ہے، مجھ سے گلہ نہیں کرو، یہ گلہ میں سننے کو تیار نہیں ہوں، یہ قصور آپ کا بھی ہے کہ مجھ جیسے بندے کو دیس نکالا کیوں ہونے دیا۔نواز شریف نے کہا کہ کیوں مجھے جیلوں میں ڈالا گیا، کیوں مجھے دیس چھوڑ کر جانا پڑا، یہ بھی سوچنے والی ہے، میں اس پر بات نہیں کرنا چاہتا لیکن یہ بھی حقیقت ہے، ہم تمام اسٹیک ہولڈرز کو بٹھا کر اس مسئلے کو حل کریں گے۔انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان میں منصوبے شروع ہوتے ہیں اور ختم ہونے کا نام نہیں لیتے، ہمارے علاوہ کسی جماعت نے ادھر کام نہیں کیا، یہاں کی سڑکوں کا حال دیکھ کر بہت دکھ ہوتا ہے۔نواز شریف کا کہنا تھا جب میں وزیراعظم تھا تو کئی بار اسکردو اور گلگت گیا تھا، جس گلگت کو میں جانتا تھا وہ کہاں ہے؟ میں چاہتا تھا کہ گلگت میں بہت ترقی ہو، گلگت میں سڑکوں پر کھڈے دیکھ کر بہت دکھ ہوا۔انہوں نے پوچھا کہ مانسہرہ سے گلگت تک روڈ بننی تھی، کیوں نہیں بنی، مجھے کوئی بتا سکتا ہے کہ گلگت کی سڑک کیوں نہیں بنی؟ میں کسی جماعت کے خلاف بات نہیں کرنا چاہتا، لیکن پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیوں چیزوں کو نظر انداز کیا۔انہوں نے کہا میں وہ نواز شریف ہوں جو کسی کی برائی یا تنقید کر کے ووٹ نہیں مانگتا، ہم اپنی کارکردگی کی بنیاد پر ووٹ مانگتے ہیں، میرا دل روتا ہے کہ آپ لوگوں کی سہولتوں کے لیے کیوں پیسا نہیں لگایا گیا، وہ پیسا کہاں گیا؟ یہاں اسپتال بنایا تو ہم نے بنایا، ہائیڈل پاور پلانٹس ہم نے لگائے، نگر کا منصوبہ ہم نے مکمل کیا، مجھے بتائیں کسی اور پارٹی نے کوئی کام کیا ہو۔صدر مسلم لیگ ن کا کہنا تھا دیامر بھاشا ڈیم بنانے کے لیے اپنے زمانے میں 100 ارب روپے زمین کے لیے دیا تھا، زمین تو ہے لیکن دیامر بھاشا ڈیم نہیں بنا، 2015 میں 100 ارب دینے کے باوجود ڈیم اب تک نہیں بنا، ڈیم بننے کا فائدہ آپ کو اور باقی پاکستان کو بھی ہوتا، ہماری حکومت ہوتی تو یہ مسائل نہ ہوتے۔پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر کے دورہ گلگت بلتستان میں وفاقی وزرا خواجہ محمد آصف، احسن اقبال، رانا ثناء اللہ، سینیٹر پرویز رشید، پنجاب کی سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب، سینیٹر انوشہ رحمن، کاظم پیرزادہ بھی نواز شریف کے ہمراہ ہیں۔گلگت پہنچنے پر وفاقی وزیر امور کشمیر انجینئر امیر مقام، سابق وزیراعلیٰ گلگت بلتستان حافظ حفیظ الرحمان، کیپٹن (ر) محمد صفدر اور دیگر پارٹی راہنماؤں نے پارٹی صدر کا استقبال کیا۔محمد نواز شریف راہنماؤں اور گلگت بلتستان کے انتخابات میں حصہ لینے والے پارٹی ٹکٹ ہولڈرز سے ملاقاتیں کریں گے۔

بقیہ 10

ہالز اور مارکیز کے اندر تقریبات کے دوران چھوٹے ڈرون کے محدود استعمال کی اجازت ہے تاہم اندرونی تقریبات میں ڈرون کے محفوظ استعمال کی ذمہ داری متعلقہ منتظمین پر عائد ہوگی۔ محکمہ داخلہ پنجاب کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق انٹیلی جنس اور قانون نافذ کرنے والے ادارے پابندی سے مستثنیٰ قرار دیئے گئے ہیں۔ ترجمان نے بتایا کہ عوامی تحفظ، امن و امان کا قیام اور املاک کی حفاظت حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب نے پابندی ضابطہ فوجداری 1898ء کے سیکشن 144(6) کے تحت لگائی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق پنجاب بھر میں ڈرون اڑانے پر پابندی کا اطلاق 24 جون تک ہوگا۔ محکمہ داخلہ پنجاب نے صوبہ بھر میں انتظامیہ اور پولیس کو جاری کردہ احکامات پر من و عن عملدرآمد کروانے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ 11

پر چار سو 33 یونین کونسلز بنائی گئی ہیں۔راوی ٹاؤن 52، شالیمار میں 72، واہگہ ٹاؤن میں 25 یونین قائم کی گئی ہیں۔ ماڈل ٹاؤن میں 40، صدر کینٹ میں 77، نشتر ٹاؤن میں 29 یونین کونسل بنائی گئیں، رائے ونڈ سٹی میں 32، لاہور سٹی میں 69 اور علامہ اقبال ٹاؤن میں 37 یونین بنائی گئیں۔شہری 23 جون تک حلقہ بندیوں پر اعتراضات دائر کر سکتے ہیں، حلقہ بندیوں کی حتمی فہرست دس اگست کو جاری ہوگی۔

بقیہ 12

محمد اسحاق ڈار کی جانب سے محترمہ کا جا کا لاس کے اعزاز میں دیے گئے ظہرانے کے موقع پر ہوئی۔اس موقع پر چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے محترمہ کا جا کا لاس کو پاکستان آمد پر خوش آمدید کہا اور ان کے دورے کو پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا۔گفتگو کے دوران باہمی دلچسپی کے امور اور پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان تعاون کے فروغ سے متعلق مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیئرمین سینیٹ نے اس امید کا اظہار کیا کہ دونوں فریقوں کے درمیان اعلیٰ سطح کے روابط مستقبل میں دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے۔

بقیہ 13

محمد شہباز شریف کی زیر صدارت سرمایہ کاری میں اضافہ اور معیشت کی مجموعی ترقی کے لئے شعبہ جاتی اصلاحات اور پالیسی اقدامات پر جائزہ اجلاس ہوا جس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ ملکی معیشت کی پائیدار ترقی کے لئے صنعت وحرفت کا فروغ اور بیرونی سرمایہ کاری میں اضافہ ناگزیر ہے۔انہوں نے کہا کہ صنعتی مصنوعات کی ملکی پیداوار میں اضافہ کے ساتھ ساتھ، برآمدات بڑھانے کیلئے موثر پالیسی اقدامات حکومت پالیسی ترجیحات کا حصہ ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ صنعت وتجارت اور معیشت کے مختلف شعبہ جات میں اصلاحات طویل المدتی معاشی افادیت اور عوامی فلاح پر مرکوز ہونا چاہیے۔وزیراعظم نے کہا کہ مستقبل کی توانائی کی ضروریات کو متبادل توانائی کے ذرائع سے پورا کرنے کے لیے جامع حکمت عملی پر بھرپور انداز میں کام ہو رہا ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ توانائی کی بچت اور سستی ٹرانسپورٹ کی ملکی ضروریات پوری کرنے کے لئے جامع اور موثر الیکٹرک وہیکلز پالیسی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی کی مختلف شعبوں میں شمولیت کے لئے تمام وزارتیں اور ماہرین کی بامعنی مشاورت کو یقینی بنائیں وزیراعظم نے کہا کہ موثر ترقیاتی پالیسیز کی تشکیل ونفاذ کیلئے تمام وزارتیں باہمی تعاون اور ہم آہنگی سے کام کریں۔وزیراعظم نے کہا کہ تمام اصلاحات اور اقدامات میں انتظامی شفافیت اور بہترین کارکردگی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ اجلاس میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور احد خان چیمہ، وفاقی وزیر برائے اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ، وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی مصدق ملک، وفاقی وزیر برائے پاور ڈویژن سردار اویس لغاری، وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک، وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر اور ڈائریکٹر جنرل ایس آئی ایف سی میجر جنرل اسد الرحمن چیمہ اور متعلقہ اداروں کے عہدے داران نے شرکت کی۔

بقیہ 14

کسی کجی معاہدے یا رضامندی نامے کے ذریعے نابالغ بچے کے نان نفقہ کا حق ختم نہیں کیا جا سکتا جبکہ نان نفقہ باپ پر صرف قانونی نہیں بلکہ اخلاقی اور مذہبی ذمہ داری بھی ہے۔ فیصلے میں کہا گیا کہ غیر ادا شدہ نان نفقہ باپ پر قابل نفاذ قرض ہے جو وقت گزرنے سے ختم نہیں ہو سکتا۔عدالتی فیصلے میں سورہ البقرہ، سورہ الطلاق اور احادیث نبوی کے حوالے بھی شامل کیے گئے ہیں۔عدالت نے قرار دیا کہ معاہدے کے وقت نابالغ نصیر اختر اعوان معذوری کی حالت میں تھا، اس لیے اس کے حقوق کا سودا نہیں کیا جا سکتا۔لاہور ہائیکورٹ نے فیملی اور لیبیلٹ کورٹ کا فیصلہ برقرار رکھتے ہوئے باپ کی پٹیشن خارج کر دی جبکہ ماضی کے نان نفقہ کے معاملے پر اسلامی اصولوں کے تحت نئی قانون سازی کی سفارش بھی کی ہے۔عدالت نے فیصلے کی کاپی لاء اینڈ جسٹس کمیشن اور وزارت قانون و انصاف کو بھجوانے کا حکم دے دیا۔ بچے کے والد اختر حسین اعوان نے نان نفقہ کے خلاف عدالت سے رجوع کرتے ہوئے موقف اختیار کیا تھا کہ 2005ء میں ہونے والے رضامندی نامے کے تحت تاحیات خرچہ طے ہو چکا ہے۔درخواست گزار کے مطابق قانون کے تحت ماضی کا نان نفقہ 6 سال سے زائد مدت کا وصول نہیں کیا جا سکتا جبکہ رضامندی نامے کی خلاف ورزی پر بچے کی والدہ پر ایک کروڑ روپے جرمانہ عائد کیا جانا چاہیے۔

بقیہ 15

آئی۔ ملاقات میں صوبے میں امن و امان کی ابتر صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا۔ گورنر فیصل کریم کنڈی نے سی این جی اسٹیشنز کو گیس کی فراہمی پر وفاقی حکومت کے اقدامات کو سراہا اور رانا ثناء اللہ کے کردار کو بھی خراج تحسین پیش کیا۔ ملاقات میں وفاق اور خیبر پختونخوا کے درمیان اہم امور پر تعاون جاری رکھنے پر اتفاق بھی کیا گیا۔اس کے علاوہ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری سے بھی ملاقات کی، ملاقات میں خیبر پختونخوا کی امن و امان کی صورتحال اور سیاسی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں ڈیرہ اسماعیل خان کے دینار ہسپتال میں کینسر کی تشخیص کے لیے جدید مشینری کی فراہمی پر گفتگو کی گئی۔ ملاقات میں کینسر کے مریضوں کے لیے جدید تشخیصی سہولیات کی جلد فراہمی یقینی بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ گورنر نے صوبائی ترقی کے لیے وفاقی تعاون اور وفاق اور صوبوں کے درمیان مؤثر رابطوں کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ دینار ہسپتال سے جنوبی خیبر پختونخوا کے متعدد اضلاع کے مریض مستفید ہوں گے، صوبوں کی ترقی اور عوامی فلاح کے لیے وفاقی و صوبائی تعاون ناگزیر ہے، عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 16

دشمنی یا لڑائی جھگڑے کا شاخسانہ قرار دیا جا رہا ہے، تاہم پولیس نے تمام زاویوں سے تحقیقات شروع کر دی ہیں۔سی پی او نے ایس پی پوٹھوہار سے رپورٹ طلب کرتے ہوئے ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم دیا ہے۔ پولیس موقع پر موجود ہے اور شواہد اکٹھے کیے جا رہے ہیں، جبکہ لاشوں کو پوسٹ مارٹم کے لیے ہسپتال منتقل کیا جا رہا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق ملزمان کو جلد گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔

بقیہ 17

کی تعمیر، موجودہ انفراسٹرکچر کی اپ گریڈیشن اور دفتری و آپریشنل استعداد کار میں اضافے سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔ اس کے علاوہ افسران و جوانوں کی فلاح و بہبود کے لیے متعارف کرائی گئی سہولیات، رہائشی وطبی معاونت اور تعلیمی پروگراموں پر بھی غور کیا گیا۔ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز نے کہا کہ تمام منصوبوں میں شفافیت، معیار اور بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے تاکہ ادارہ مزید جدید، موثر اور عوام دوست فورس کے طور پر ابھر سکے۔انہوں نے ہدایت کی کہ ترقیاتی اور فلاحی منصوبوں کی باقاعدہ نگرانی کی جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ پولیس اہلکار ادارے کا قیمتی اثاثہ ہیں، ان کی فلاح و بہبود اور بہتر ورکنگ ماحول اولین ترجیح ہے۔ جدید انفراسٹرکچر اور موثر انتظامی نظام سے نہ صرف فورس کی کارکردگی بہتر ہوگی بلکہ شہریوں کو بھی بہتر سروسز ملیں گی۔۔

بقیہ 18

بڑے پیمانے پر سرچ اینڈ کومبنگ آپریشنز کیے گئے۔ یہ کارروائیاں ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کی نگرانی میں زونل ایس پیز کی زیر قیادت انجام دی گئیں۔سرچ آپریشنز کے دوران مجموعی طور پر 1,180 افراد کی چیکنگ کی گئی، 517 گھروں کی تلاشی لی گئی، 32 ہوٹلز، 138 دکانوں، 550 موٹر سائیکلوں اور 153 گاڑیوں کو بھی چیک کیا گیا۔ اس دوران جانچ پڑتال کے لیے 67 مشکوک افراد کو مختلف تھانہ جات میں منتقل کیا گیا جبکہ 52 موٹر سائیکلوں کو بھی مزید تصدیق کے لیے تھانوں میں منتقل کیا گیا۔مزید براں کارروائی کے دوران غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث ایک ملزم کو گرفتار کیا گیا جس کے قبضے سے ایک گن اور ایک عدد پستول بمعہ ایمونیشن برآمد کیا گیا۔ گرفتار ملزم کے خلاف قانونی کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے اس موقع پر کہا کہ سرچ آپریشنز کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا مزید تنگ کرنا اور شہر بھر میں سکیورٹی کو مؤثر بنانا ہے۔انہوں نے کہا کہ اسلام آباد پولیس جرائم پیشہ عناصر، قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کی فوری اطلاع متعلقہ تھانے یا ایمرجنسی ہیلپ لائن ’’پکار-15‘‘ پر دیں تاکہ پولیس اور عوام کے باہمی تعاون سے شہر کو جرائم سے پاک بنایا جا سکے۔

بقیہ 19

ترقیاتی بجٹ تقریباً ایک ہزار ارب روپے کی سطح پر جمود کا شکار ہے جبکہ اسی عرصے میں صوبوں کا ترقیاتی بجٹ ایک ہزار ارب روپے سے بڑھ کر 2869 ارب روپے تک پہنچ چکا ہے جس کے باعث وفاق اور صوبوں کے ترقیاتی اخراجات میں نمایاں فرق پیدا ہو گیا ہے۔احسن اقبال نے بتایا کہ ترقیاتی منصوبوں کی مجموعی لاگت اور تھرو فارورڈ بڑھ کر 10 ہزار 818 ارب روپے تک پہنچ چکا ہے۔آئندہ مالی سال 2026-27 کے لئے 1126 ارب روپے کے ترقیاتی پروگرام کی تجویز دی گئی ہے۔ وزارتوں نے جاری اور نئے منصوبوں کے لئے مجموعی طور پر 4097 ارب روپے کی طلب پیش کی ہیتاہم محدود وسائل کے باعث تقریباً 3000 ارب روپے کی اضافی طلب پوری کرنا ممکن نہیں۔انہوں نے کہا کہ حکومت کی کوشش ہے کہ دستیاب وسائل کو دانشمندی سے استعمال کرتے ہوئے اعلیٰ ترجیحی منصوبوں پر توجہ مرکوز رکھی جائے۔ بلوچستان کے ترقیاتی منصوبوں کو خصوصی اہمیت دی جا رہی ہے اور این- 25 (پاکستان ایکسپریس وے) کے لئے 125 ارب روپے مختص کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔وفاقی وزیر نے بتایا کہ حکومت اپنی اتحادی جماعتوں کے ترقیاتی منصوبوں کے لئے 87 ارب روپے مختص کرے گی جبکہ آزاد جموں وکشمیر، گلگت بلتستان اور ضم شدہ اضلاع کے لئے 153 ارب روپے رکھنے کی تجویز دی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ وفاق این ایف سی میں اپنے 40 فیصد حصے سے آزاد جموں وکشمیر اور گلگت بلتستان کو مالی معاونت فراہم کرے گا۔ احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان کو معاشی استحکام کی جانب لے جانے کے لئے مستحکم، متوازن اور پائیدار ترقی کا راستہ اختیار کرنا ہوگا۔ ان کے مطابق برآمدات میں اضافے کے بغیر بلند اور دیرپا معاشی ترقی ممکن نہیں۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف ایسی ترقی کے خواہاں ہیں جو پائیدار ہو اور جس کے ثمرات عوام تک پہنچیں۔انہوں نے بتایا کہ زراعت کے شعبے میں اصلاحات اور پیداوار میں اضافے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے جبکہ جدید ٹیکنالوجی، صنعت اور برآمدات کے فروغ کو قومی ترقی کی حکمت عملی کا اہم حصہ بنایا گیا ہے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ اپریل 2026 میں پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر 3.21 ارب ڈالر تک پہنچ گئے جبکہ شرح سود 23 فیصد سے کم ہو کر 10 فیصد کی سطح پر آنا ایک بڑی معاشی کامیابی ہے۔انہوں نے کہا کہ 2019 سے 2022 کے دوران لئے گئے قرضوں کی ادائیگیاں اس وقت قومی معیشت پر بھاری بوجھ بن رہی ہیں۔انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ کہ ترقیاتی بجٹ میں اضافہ حکومت کی اولین ترجیح ہے اور ملک کو خود کفیل بنانے کے لئے ہر شعبے میں اصلاحات کا عمل جاری رکھا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو تعلیم اور ہنر کے مواقع فراہم کرنا، انفراسٹرکچر کے بڑے منصوبوں کی بروقت تکمیل، سی پیک منصوبوں کو آگے بڑھانا اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کے اہم اہداف ہیں۔احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان کو ترقی یافتہ ممالک کی صف میں شامل کرنے کے لئے قومی سطح پر مربوط حکمت عملی اپنائی جا رہی ہے اور اس سفر میں تمام اداروں کو مل کر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

بقیہ 20

کرنے کے منصوبہ پر بھی گفتگو کی گئی، ملاقات میں ڈیرہ اسماعیل خان میں نئے گرین فیلڈ انٹرنیشنل ائیرپورٹ منصوبہ میں ہونے والی پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ گرین فیلڈ انٹرنیشنل ائیرپورٹ ڈیرہ اسماعیل خان ہی نہیں بلکہ اس خطہ کی معاشی حالت بدلنے کا باعث بنے گا، گورنر خیبر پختونخوا نے ائیرپورٹ بحالی کے حوالہ سے وزیر دفاع خواجہ آصف کی کاوشوں کو سراہا۔

بقیہ 21

لیا گیا۔ پولیس کے مطابق زیر حراست افراد کے خلاف ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔ایس پی صدر انعم شیر نے کہا کہ شہریوں کو قیمتی اثاثوں سے محروم کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 22

زائد شہریوں نے کرایہ داری اندراج کروایا۔ 73 ہزار 837 شہریوں نے میڈیکو لیگل سرٹیفکیٹس حاصل کیے اور کمزور طبقات کے لیے جاری اقدامات کے تحت 50 ہزار سے زائد افراد کو قانونی و سماجی تحفظ فراہم کیا گیا۔ترجمان پنجاب پولیس نے مزید بتایا کہ 15 ہزار 551 شہریوں نے وہیکلز ویریفکیشن کروائی، 40 ہزار 771 شہریوں نے دستاویزات کی اندراج گمشدگی جبکہ 1562 شہریوں نے جرائم رپورٹ کی رجسٹریشن کروائی۔ 99 ہزار 840 شہریوں نے ایف آئی آر کی نقول حاصل کیں اور 33 ویمن وائلنس رپورٹس درج ہوئیں۔ اسی طرح 72 ہزار 811 شہریوں نے ایمپلائیز رجسٹریشن کروائی اور 1330 شہریوں نے نجی ملازمت کے لیے پولیس ویریفکیشن حاصل کی۔آئی جی پنجاب عبدالکریم نے کہا کہ پولیس خدمت مراکز پبلک سروس ڈیلیوری کا شاندار فلیگ شپ منصوبہ ہیں جہاں شہریوں کو 24/7 سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ پولیس خدمت مراکز، تھانوں اور عوامی مقامات پر شہریوں کے ساتھ شائستہ اور خوش اخلاق رویہ اختیار کیا جائے۔

بقیہ 23

اضافہ کر دیا، جس سے 8.11 کلوگرام کا گھریلو سلنڈر 58 روپے 51 پیسے مہنگا ہو گیا۔جون کیلئے ایل پی جی سلنڈر کی قیمت 3 ہزار 6 سو 43 روپے 41 پیسے مقرر کر دیا گیا، ایل پی جی گیس کی فی کلو قیمت 308 روپے 76 پیسے مقرر کر دیا گیا، نئی قیمتوں کا اطلاق فوری ہو گیا۔

بقیہ 24

پولیس نے اغوا کا مقدمہ درج کیا تھا اور تحقیقات کا آغاز کیا گیا تھا۔پولیس کے مطابق اغوا کے مقدمے میں مطلوب سوئس نیشنل خاتون کو ایک نجی ہاؤسنگ سوسائٹی کے ہوٹل سے بحفاظت بازیاب کرایا گیا ہے۔ابتدائی تحقیقات کے مطابق خاتون مبینہ طور پر فراڈ ٹور آپریٹرز کے جھانسے میں آ گئی تھیں جس کے باعث یہ صورتحال پیش آئی۔پولیس نے واقعے میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے جبکہ واقعے کے تمام پہلوؤں اور مزید حقائق جاننے کیلئے تحقیقات کا دائرہ کار وسیع کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 25

منشیات فروشی اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث 6 ملزمان جبکہ 2 مجرمان اشتہاری شامل ہیں۔پولیس کے مطابق ملزمان کے قبضے سے 225 گرام آئس، ایک گن اور مختلف بور کے 3 پستول معہ ایمونیشن برآمد کیا گیا۔تمام ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے۔ایس ایس پی آپریشنز قاضی علی رضا نے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جا رہا ہے اور کسی بھی شر پسند عنصر کو امن خراب کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ مشکوک سرگرمی کی صورت میں فوری طور پر ہیلپ لائن 15 پر اطلاع دیں۔

بقیہ 26

جس میں ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز محمد عتیق طاہر، اے آئی جی لاجسٹکس عبدالحق عمرانی سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع بھر کے انتظامی امور، پولیس افسران و جوانوں کی فلاح و بہبود کے لیے جاری اقدامات اور تھانہ جات و پولیس دفاتر میں شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور سروس ڈیلیوری کے نظام کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اجلاس کے دوران مختلف شعبہ جات کی کارکردگی اور عوامی سہولت سے متعلق امور پر بھی غور کیا گیا۔آئی جی اسلام آباد نے افسران کو ہدایت کی کہ پیشہ ورانہ استعداد کار میں بہتری، انتظامی امور کی موثریت اور عوام دوست پولیسنگ کو فروغ دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو بروقت اور معیاری سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے تاکہ عوام کا اعتماد مزید مضبوط ہو۔ بعد ازاں آئی جی اسلام آباد نے اوپن ڈور پالیسی کے تحت کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جہاں انہوں نے شہریوں اور پولیس افسران کے مسائل سنے اور موقع پر ہی متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کے مسائل کا میرٹ اور قانون کے مطابق فوری حل اولین ترجیح ہے۔آئی جی اسلام آباد نے مزید کہا کہ شہری بلاجھجک کھلی کچہری میں اپنے مسائل پیش کر سکتے ہیں کیونکہ پولیس کے دروازے عوام کے لیے ہمیشہ کھلے ہیں۔انہوں نے ہدایت کی کہ درخواستوں کو مقررہ ٹائم فریم میں نمٹا کر رپورٹ سنٹرل پولیس آفس بھجوائی جائے۔

بقیہ 27

دباؤ کا شکار ہے۔انہوں نے کہا کہ بچوں کی تعلیم، بجلی اور گیس کے بھاری بل، مہنگا پٹرول، ناجائ

زندگی میں دوسروں کے لیے آسانیاں پیدا کرنے کی اہمیت

دوسروں کی مدد کرنا اسلامی تعلیمات کی عکاسی کرتا ہے

"زندگی میں دوسروں کے لیے آسانیاں پیدا کریں" تحریر۔ محمد عاصم خانزادہ۔ زندگی میں دوسروں کے لیے آسانیاں پیدا کریں انسانی زندگی کا اصل حسن دوسروں کے کام آنے اور ان کے لیے آسانیاں پیدا کرنے میں ہے۔ایک اچھا انسان وہی ہے جو اپنی ذات کے ساتھ ساتھ دوسروں کی بھلائی کا بھی خیال رکھے۔ ہمارے معاشرے میں بہت سے لوگ مختلف مشکلات اور پریشانیوں کا شکار ہوتے ہیں۔ اگر ہم اپنے رویے، اخلاق اور کردار کے ذریعے ان کی مشکلات کم کرنے کی کوشش کریں تو نہ صرف ان کی زندگی آسان ہو سکتی ہے بلکہ ہمارے معاشرے میں محبت، اخوت اور بھائی چارے کو بھی فروغ ملتا ہے۔ دوسروں کے لیے آسانیاں پیدا کرنے کے کئی طریقے ہیں۔ کسی ضرورت مند کی مدد کرنا، بزرگوں کا احترام کرنا، راستے سے تکلیف دہ چیز ہٹا دینا، کسی پریشان شخص کی بات سن لینا یا کسی کو اچھی نصیحت کرنا بھی نیکی کے کام ہیں۔اسلام بھی ہمیں یہی تعلیم دیتا ہے کہ ہم ایک دوسرے کے لیے سہولت اور آسانی کا سبب بنیں۔ جو لوگ دوسروں کے لیے آسانیاں پیدا کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ ان کے لیے دنیا اور آخرت میں آسانیاں پیدا فرماتا ہے۔ ایسے افراد معاشرے میں عزت و احترام پاتے ہیں اور لوگوں کے دلوں میں ان کے لیے محبت پیدا ہوتی ہے۔ ہمیں چاہیے کہ ہم اپنے روزمرہ معاملات میں دوسروں کا خیال رکھیں، ان کی مدد کریں اور اپنی ذات کو انسانیت کی خدمت کے لیے وقف کریں۔ یہی ایک خوشحال، پرامن اور مثالی معاشرے کی بنیاد ہے۔ دوسروں کے لیے آسانیاں پیدا کرنا ایک عظیم انسانی اور اسلامی وصف ہے۔ اگر ہر فرد اپنی استطاعت کے مطابق دوسروں کی مدد کرے تو ہمارا معاشرہ محبت، ہمدردی اور خوشحالی کا گہوارہ بن سکتا ہے۔

پنجاب میں سمارٹ لاک ڈاؤن دوبارہ نافذ، پابندیاں عائد

مارکیٹیں رات 8 بجے، کھانے پینے کی دکانیں رات 10 بجے تک کھلیں گی

(کرائم رپورٹر عرفان علی گجر)پنجاب بھر میں سمارٹ لاک ڈاؤن میں نرمی کی معیاد ختم ہونے کے بعد آج سے سمارٹ لاک ڈاؤن دوبارہ نافذ کر دیا گیا بازار، مارکیٹیں، شاپنگ مالز رات 8 بجے تک کھلیں رہیں گے بیکریاں، ریسٹورنٹ، تندور اور کھانے پینے کی دیگر دکانیں رات 10 بجے ہو نگی میرج ہالز، مارکیز، اور دیگر کمرشل جگہیں رات 10 بجے کے بعد بند رہیں گی نجی پراپر ٹیز اور گھروں میں بھی شادی بیاہ کی تقریبات 10 بجے رات کے بعد منعقد کرنے پر پابندی ہو گی میڈیکل اسٹورز، پٹرول پمپ، تندور، بیکریز، ملک شاپ اور فارمیسز ان پابندیوں سے مستثنیٰ ہوں گے

کلیم اللہ راجپوت

کانپ کی پکار! اگلی وقت ہے، اٹھ کھڑے ہوں!

محرم الحرام کے دوران امن وامان کا قیام اولین ذمہ داری ہے: صبا اصغر علی

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کیپٹن (ر) دوست محمد کی جانب سے سختی سے پابندی کے احکامات

سیالکوٹ (ڈپٹی بیورو چیف سہیل چوہدری) 04 جون 2026:۔ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر علی اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد کی زیر صدارت محرم الحرام کے جلوسوں اور مجالس کے لائسنس ہولڈرز و منتظمین کا خصوصی اجلاس منعقد ہوا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نعیم بشیر، ایڈیشنل ایس پی حسیب، کوآرڈینیٹر ضلعی امن کمیٹی حافظ اصغر چیمہ، انچارج سیکورٹی برانچ حافظ محمد سعید، ایس ڈی پی او اوز، ایس ایچ اوز، امن کمیٹی کے اراکین، لائسنس ہولڈرز اور مجالس و جلوسوں کے منتظمین نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر صبا اصغر علی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محرم الحرام کے دوران امن و امان کا قیام ہم سب کی مشترکہ اور اولین ذمہ داری ہے۔ ضلعی انتظامیہ جلوسوں اور مجالس کے تمام روٹس پر بیچ ورک، سٹریٹ لائٹس، صفائی ستھرائی، سینی ٹیشن، نکاسی آب اور دیگر شہری سہولیات کے بہترین انتظامات یقینی بنائے گی تاکہ عزاداران کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے کہا کہ تمام متعلقہ محکمے باہمی رابطے اور ہم آہنگی کے ساتھ فرائض سرانجام دیں گے اور محرم الحرام کے پرامن انعقاد کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے اور کسی قسم کی غفلت یا لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ غیر قانونی اور غیر رجسٹرڈ سبیلوں کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی جبکہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے سبیلوں کا اہتمام کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران امن و امان، بین المسالک ہم آہنگی، سیکیورٹی انتظامات اور ضابطہ اخلاق پر عملدرآمد کے لئے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں گے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کیپٹن (ر) دوست محمد نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تمام جلوسوں اور مجالس کے منتظمین مقررہ قواعد وضوابط اور اوقات کار کی سختی سے پابندی کریں گے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ضلع سیالکوٹ ہمیشہ امن و بھائی چارے کا گہوارہ رہا ہے، محرم میں نئے جلوس، مجلس یا ایونٹ کی اجازت نہیں دی جائے گی اور تمام پروگرام روایتی شیڈول کے مطابق منعقد ہوں گے۔ ڈی پی او نے کہا کہ جن افراد کے ضلع میں داخلے پر پابندی عائد ہے یا جن کے خلاف زبان بندی کے احکامات موجود ہیں، انہیں کسی بھی مجلس یا جلوس میں مدعو نہ کیا جائے۔ سوشل میڈیا پر نفرت انگیز مواد، اشتعال انگیزی اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو متاثر کرنے والی سرگرمیوں کی ہرگز اجازت نہیں ہو گی اور قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو درپیش سیکیورٹی چیلنجز کے پیش نظر فول پروف سیکیورٹی انتظامات کیے جا رہے ہیں۔ تمام منتظمین اپنے رضاکاروں کی تعیناتی یقینی بنائیں جبکہ ان کی باقاعدہ تربیت بھی کروائی جائے گی۔ خواتین کی سہولت اور رہنمائی کے لیے لیڈیز رضاکار بھی خدمات سرانجام دیں گی۔ تمام مجالس اور جلوسوں کی ویڈیو ریکارڈنگ لازمی ہوگی۔ کیپٹن (ر) دوست محمد نے بتایا کہ ضلع بھر کی 160 امام بارگاہوں میں سی سی ٹی وی کیمرے نصب ہیں اور ان کی مکمل فعالیت کو یقینی بنایا جائے گا، بالخصوص داخلی و خارجی راستوں کی مؤثر نگرانی کی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ غیر قانونی اور غیر رجسٹرڈ سبیلوں کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی جبکہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے بھی عوامی خدمت کے لیے سبیلوں کا اہتمام کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بین المسالک ہم آہنگی اور بھائی چارے کے فروغ کے لیے "امن کا کارواں" بھی نکالا جائے گا جس میں ضلعی امن کمیٹی کے اراکین اور مختلف مکاتب فکر کے نمائندگان شریک ہوں گے۔ انہوں نے منتظمین کو ہدایت کی کہ کسی بھی مسئلے کی صورت میں فوری طور پر متعلقہ تھانے، ایس ڈی پی او یا ضلعی انتظامیہ سے رابطہ کیا جائے۔ اجلاس کے اختتام پر شرکاء نے ضلع سیالکوٹ میں محرم الحرام کے دوران امن، رواداری، مذہبی ہم آہنگی اور قانون کی پاسداری کو یقینی بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔

چوہدری امجد بشیر نے خواتین کی تعلیم کی اہمیت پر زور دیا

گورنمنٹ صادق وومن یونیورسٹی کی ترقیاتی منصوبوں پر تبادلہ خیال

بہاولپور (عطاء المنعم سے) گورنمنٹ لاء اینڈ جسٹس پی ایم کمپلینٹ سیل پنجاب کے ممبر چوہدری امجد بشیر نے گورنمنٹ صادق وومن یونیورسٹی بہاولپور کا دورہ کیا جہاں انہوں نے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شازیہ انجم سے ملاقات کی یونیورسٹی میں خواتین سٹاف اور طالبات کو ہراساں کرنے کے واقعات کے خلاف بھرپور ایکشن لیا اور معاشرے کے ایسے ناسوروں کو کیفر کردار تک پہنچانے پر خراج تحسین پیش کیا ملاقات کے دوران یونیورسٹی میں جاری ترقیاتی منصوبوں ،تعلیمی سرگرمیوں ،طلباء کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور ادارے کو درپیش مختلف مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شازیہ انجم نے یونیورسٹی کی مجموعی کارکردگی ،مستقبل کے منصوبوں اور ترقیاتی کاموں کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کے ادارے میں تعلیمی معیار کی بہتری ،جدید سہولیات کی فراہمی اور طالبات کے لیے سازگار تعلیمی ماحول کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے چوہدری امجد بشیر نے خواتین کی تعلیم کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ خواتین کی تعلیم معاشرے کی ترقی میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے اور حکومت پنجاب تعلیمی اداروں کی بہتری اور مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے انہوں نے یقین دہانی کرائی کے یونیورسٹی کو درپیش مسائل اور ضروریات کو متعلقہ حکام تک پہنچایا جائے گا تاکہ ان کے حل کے لیے موثر اقدامات کیے جاسکیں ملاقات میں تعلیمی و انتظامی امور ،انفراسٹرکچر کی بہتری ،طلبہ کی فلاح و بہبود اور یونیورسٹی کے مستقبل کے ترقیاتی منصوبوں پر بھی غور کیا گیا اس موقع پر دونوں شخصیات نے اعلیٰ تعلیم کے فروغ اور طالبات کو بہترین تعلیمی مواقع فراہم کرنے کہ عزم کا اعادہ کیا،

پاکستان ریلوے میں سیفٹی سیمینار کا کامیاب انعقاد

ڈویژنل ٹرانسپورٹیشن آفیسر سیدہ مرضیہ زہرا کی اہم گفتگو

(رپورٹ محمد طلحہ لاہور)#پاکستان_ریلوے #لاہور جناب #انعام_اللہ کی ہدایت پر ڈویژنل ٹرانسپورٹیشن آفیسر محترمہ سیدہ مرضیہ زہرا کی سربراہی میں سیفٹی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار میں اسسٹنٹ ٹرانسپورٹیشن آفیسر چوہدری بلال قمر کی خصوصی شرکت سمیت اسٹیشن ماسٹرز، ٹریفک اسپیکٹرز، ہیڈ ٹرین ایگزامینرز اور لوکو فورمین نے شرکت کی۔ سیمینار کے دوران ریلوے #سیفٹی کے بنیادی اصولوں، ضروری آلات و میٹریل کی دستیابی، حادثات کی صورت میں ذمہ داری کے تعین، حادثات کی بنیادی وجوہات، ٹرین پارٹنگ کی صورت میں ٹرین انچارج گارڈ کے کلیدی کردار، حادثے کے بعد فوری اور مؤثر اقدامات کی اہمیت، محفوظ ٹرین آپریشن کے لیے متعلقہ عملے کی ذمہ داریوں اور حادثات سے بچاؤ کے لیے باہمی روابط پر تفصیلی گفتگو اور پریزنٹیشن دی گئی۔ اس موقع پر ڈویژنل ٹرانسپورٹیشن آفیسر محترمہ #سیدہ_مرضیہ_زہرا نے کہا کہ #پاکستان_ریلوے کا بنیادی ڈھانچہ محفوظ اور منظم نظام پر استوار ہے تاہم سیفٹی اصولوں پر سختی سے عمل درآمد کے ذریعے حادثات کی روک تھام یقینی بنائی جاسکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ محفوظ ٹرین آپریشن کو یقینی بنانے کے لیے تمام متعلقہ اسٹاف کو اپنی ذمہ داریاں پوری دیانتداری اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ ادا کرنی چاہیے۔انہوں نے مزید کہا کہ ریلوے ایکٹ 1860 کے مندرجات کی روشنی میں حفاظتی اقدامات پر عمل درآمد نہ صرف قانونی تقاضا ہے بلکہ مسافروں اور ریلوے اثاثوں کے تحفظ کے لیے ناگزیر بھی ہے۔

بھکر پولیس نے چوری کا مالِ مسروقہ برآمد کر لیا

مدعی مقدمہ نے بھکر پولیس کی کارکردگی کو سراہا، رانا محمد حنیف

بھکر پولیس کی شاندار کارکردگی، مالِ مسروقہ برآمد کر کے اصل مدعی کے حوالے بھکر رانا محمد حنیف ڈپٹی بیورو چیف روز نامہ نوید پاکستان ایس ڈی پی او صدر بھکر منصور احمد خان کی سربراہی میں ایس ایچ او تھانہ بہل انسپکٹر خلاص خان معہ پولیس ٹیم نے چوری کے مقدمہ نمبر 26/225 میں کامیاب کارروائی کرتے ہوئے 100 فیصد مالِ مسروقہ برآمد کر لیا۔ برآمد شدہ مال قانونی کارروائی مکمل کرنے کے بعد اصل مدعی کے حوالے کر دیا گیا۔مالِ مسروقہ کی مکمل برآمدگی اور واپسی پر مدعی مقدمہ نے بھکر پولیس کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے پولیس ٹیم کا شکریہ ادا کیا اور ان کے لیے نیک تمناؤں اور دعاؤں کا اظہار کیا۔ بھکر پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور جرائم کے خاتمے کے لیے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں سرانجام دینے کے پر عزم ہے۔

زلام نہ دینا اوروں کو لیکن اپنے کو

سائرہ حمید تشنہ لاہور غزل الزام نہ دینا اوروں کو لیکن اپنے کو دیکھنا پہلے تم خود کو ہو کتنے پانی میں کیسا مزاج کیسا رویہ دنیا ساتھ تمہارا دکھ نہ کسی کو دے دینا کہیں تم انجانی میں جس کے ساتھ ہے رہنا تم کو اس کا مان بھی رکھنا ٹوٹ نہ جائے دل اس کا اپنی من مانی میں اپنے قول و فعل کو ہر دم جانچتے ہی رہنا ضائع کہیں نہ ہو جانا کہیں تم نادانی میں آ جائے جانی دشمن بھی تو ظرف ایسا دکھلانا نہ پائے کوئی کمی اس کی مہمانی میں کر لو اور مانوں کی دنیا میں رہ کے کچھ کام ہاں، ہاں، دو وطن کو عزت نوجوانی میں اپنی عزت و ایماں کی رکھنا لاج سدا تم نام تمہارا آئے نہ کسی رام کہانی میں

پیر حضرت بابا کالے شاہ شہید رح کا مزار سوہاوہ میں واقع

بچوں کی شادیاں اور بیماریوں کا علاج دربار عالیہ پر ممکن ہے: طارق محمود مغل

طارق محمود مغل۔ خبر شامل کرتے ہیں سوہاوہ سے پیر حضرت بابا کالے شاہ شہید رح کا مزار نزد ریلوے اسٹیشن سوہاوہ واقع ہے میں طارق محمود مغل دربار عالیہ کا خلیفہ مجاز ہوں کالی کھانسی والے پورے پاکستان سے آتے ہیں دربار پر حاضری دیتے ہیں کھانسی بالکل ٹھیک ہو جاتی ہے جن بچوں اور بچیوں کی شادیاں نہیں ہوتی وہ بابا جی کے مزار پر منت مانی مان کر جاتے ہیں ان کی شادیاں ہو جاتی ہیں وہ اپنی پگڑیاں اور مالا چڑھاوہ چڑھاتے ہیں میں ہر سال جنوری کے آخری میں عرس مبارک کراتا ہوں اللہ تعالیٰ ہمیں اچھے عمل کرنے کی توفیق دے آمین ثم آمین

تھانہ بنی گالہ پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی جاری

ایس ایچ او انسپکٹر آصف خان نے ملزم کو گرفتار کر لیا

اسلام آباد (رجب علی) ایس ایچ او تھانہ بنی گالہ انسپکٹر اصف خان کی منشیات فروشوں کے خلاف کامیاب کاروائیاں جاری۔ایک ایم کاروائی کے دوران سابقہ ریکارڈ یافتہ چلان یافتہ۔ملزم گرفتار منشیات برامد۔ آئی جی اسلام آباد پولیس سید علی ناصر رضوی کی خصوصی مہم "نشہ اب نہیں" کے تسلسل میں تھانہ بنی گالہ پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ایک ملزم کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق افسران بالا کی ہدایات پر ایس ایچ او تھانہ بنی گالہ انسپکٹر آصف خان نے اپنی ٹیم، اے ایس آئی ناصر محمود، کانسٹیبل فیضان وحید اور کانسٹیبل گل مواز کے ہمراہ موہڑہ نور چوک کے علاقے میں کارروائی کی۔ دوران گشت ایک مشکوک شخص کو حکمت عملی کے تحت روک کر تلاشی لی گئی۔ ملزم نے اپنا نام محمد صابر ولد خانی زمان، سکنہ جٹہ بٹہ مانسہرہ بتایا۔ تلاشی کے دوران ملزم کے قبضے سے 590 گرام ہیروئن برآمد ہوئی، جس پر اس کے خلاف مقدمہ نمبر 283 / 26 مورخہ 03 جون 2026 بجرم 9 (CNSA) 1 6C تھانہ بنی گالہ اسلام آباد میں درج کر لیا گیا۔ مزید پڑتال کے دوران ملزم سابقہ ریکارڈ یافتہ اور چالان یافتہ پایا گیا۔ اس کے خلاف پہلے بھی مختلف مقدمات درج ہیں جن میں: 1 ۔ مقدمہ نمبر 467 / 25 بجرم 9 (CNSA) 2 5 تھانہ بنی گالہ اسلام آباد 2۔ مقدمہ نمبر 26/147 بجرم 4/3 حدِ اقتناعِ منشیات تھانہ بنی گالہ اسلام آباد 3۔ مقدمہ نمبر 26/179 بجرم 65 / 20 / 13 AO تھانہ بنی گالہ اسلام آباد شامل ہیں۔ پولیس کے مطابق ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے اور اس کے دیگر ساتھیوں کے بارے میں بھی معلومات حاصل کی جا رہی ہیں۔ شہریوں اور سول سوسائٹی کا اظہارِ اطمینان علاقہ مکینوں اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے تھانہ بنی گالہ پولیس، بالخصوص ایس ایچ او انسپکٹر آصف خان اور ان کی ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ منشیات فروش معاشرے خصوصاً نوجوان نسل کے مستقبل کو تباہ کر رہے ہیں۔ ایسے عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں وقت کی اہم ضرورت ہیں۔ شہریوں نے امید ظاہر کی کہ پولیس اسی جذبے کے ساتھ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف اپنی کارروائیاں جاری رکھے گی۔ ایس ایچ او بنی گالہ انسپکٹر آصف خان کا اہلِ علاقہ کے نام خصوصی پیغام منشیات ایک ناسور ہے جو ہماری نوجوان نسل اور معاشرے کے مستقبل کو دیمک کی طرح چاٹ رہا ہے۔ تھانہ بنی گالہ پولیس عوام کے تعاون سے منشیات فروشوں، جرائم پیشہ عناصر اور سماج دشمن سرگرمیوں میں ملوث افراد کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھے گی۔ اہلِ علاقہ کسی بھی مشکوک سرگرمی یا جرائم پیشہ شخص کی اطلاع فوری طور پر پولیس کو دیں تاکہ ایک محفوظ، پرامن اور منشیات سے پاک معاشرے کا قیام یقینی بنایا جا سکے۔"

ایڈیشنل کمشنر ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی کا ہسپتال دورہ

ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی نے طبّی سہولیات کی بہتری پر زور دیا

ساہیوال (رانا محمد اشرف جوئیہ سے) ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی نے حاجی عبدالقیوم ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا دورہ کیا اور شعبۂ بیرونی مریضان (او پی ڈی) اور بلڈ بینک کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر ذیشان بھی ان کے ہمراہ تھے جنہوں نے ہسپتال کی مجموعی کارکردگی، طبّی سہولیات اور بلڈ بینک میں دستیاب سہولیات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی نے ہسپتال میں آنے والے مریضوں سے ملاقات کی اور انہیں فراہم کی جانے والی طبّی سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔ انہوں نے صفائی ستھرائی کے معیار کو مزید بہتر بنانے اور مریضوں کو بروقت اور معیاری طبّی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے بلڈ بینک کے انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے خون کی محفوظ دستیابی برقرار رکھنے پر زور دیا۔ مزید برآں، ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹروں اور عملے کو ہدایت کی کہ وہ مریضوں کے ساتھ خوش اخلاقی اور خندہ پیشانی سے پیش آئیں اور ان کے مسائل کے حل میں بھرپور تعاون کریں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو بہترین طبّی سہولیات کی فراہمی حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے۔

انسان: خود اپنا دوست بھی، دشمن بھی

ایزا سلیم بھٹیلا

"دو قسم کے سوچ، فرمودات اور اقوال ہمیشہ سے آشکار ہوتے آئے ہیں جو ہمیں اللہ تعالیٰ کا اور ہمارے آقا و مولیٰ حضرت محمد ﷺ کا حکم ہے کہ ہم دوسروں کو بھلے کی دعوت دیں اور برائی سے روکیں۔ ایک قسم کے لوگ اپنی زندگی میں اپنے اوپر ان باتوں کا عمل کرتے ہیں اور دوسروں کو نصیحت کرتے ہیں، ساتھ ساتھ خود بھی کاربند رہتے ہیں۔ ایک قسم کے لوگ ایسے ہوتے ہیں جو صرف دوسروں کو نصیحت کرتے ہیں اور خود ان باتوں پر عمل نہیں کرتے۔ ایک قسم کے لوگ ایسے ہوتے ہیں جو نہ خود ان باتوں پر عمل کرتے ہیں اور نہ ہی دوسروں کو نصیحت کرتے ہیں۔ ایک قسم کے لوگ ایسے ہوتے ہیں جو خود ان باتوں پر عمل کرتے ہیں اور دوسروں کو بھی نصیحت کرتے ہیں۔ ان سب میں سے آخر الذکر قسم کے لوگ ہی اصل میں انسان کہلانے کے حقدار ہیں۔ ان کے علاوہ باقی سب انسان کہلانے کے حقدار ن